	محبت	۴۵۰
	میزان	۶۵۲۶

طریقہ عمل:۔

نقش آتشی چال مربع میں پُر کیا جائے گا۔

چال نقش آتشی

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اس نقش کو چار جز سے پر کیا جائے گا۔

۱۔ پہلے ۱ تا ۴ خانوں میں آیت کے اعداد آئیں گے۔

۲۔ ۵ تا ۸ قانون محبت کے اعداد پر کیے جائیں گے۔

۳۔ ۹ تا ۱۲ خانوں میں مطلوب معہ والدہ کے اعداد پر کیے جائیں گے۔

۴۔ خانہ نمبر ۱۳ تا ۱۶ میں مقصد کے اعداد پر کیے جائیں گے۔

مثالی نقش



یا الٰہی شبانہ منظور بنت شگفتہ رحیم کو محمود بن نورین کوثر سے جلد ملا

دے۔ وہ جلد آئے۔ بحق آیت پاک یحبونھم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ بحق ایں نقش العجل الساعۃ الوحا۔

نقوش کی تعداد:۔

ایک نقش کو تہہ کر کے خوشبو لگا کر اپنے پاس دائیں بازو پر باندھیں۔ دوسرے کو تہہ کر کے پھل دار درخت کے ساتھ باندھیں۔ تیسرے کو فلیتہ بنا کر خانہ مطلوب کے گھر کی طرف کر کے جلائیں۔ یہ سب کام خاموشی تنہا پاک صاف جگہ پر کریں۔ عمل کا راز کسی پر ظاہر نہ ہونے دیں۔

جو مشاہدات ہوں خواب میں اشارہ ملے تو اس کا بھی کسی سے تعبیر نہ پوچھیں۔ بلکہ وقت کا انتظار کریں اکثر ایسا ہوتا ہے کہ موکلات کسی نہ کسی طریقے سے رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ تاکہ وہ کام نہ کر سکیں۔ کمال راز داری خاموشی سے یہ سب کام کریں۔ کام ہونے تک عمل راز میں رہے۔

نقش بالا کو اپنے پاس رکھیں اس کے علاوہ جو دوسرے دو نقوش لکھنے ہیں۔ ان نقوش میں اضلاع اور موکلات خدام حروف مقطعات، بسم اللہ مکمل نہ لکھیں۔ بلکہ ان کے اعداد لکھیں۔

مثلاً دوسرے دو نقوش اس طرح لکھیں۔



۴۱۔ ۱۵۰۳۔ ۱۰۔ ۳۰۶۹۔ ۱۱

ایک کو فلیتہ بنا کر عطر سہاگ میں تر کر کے جلائیں۔ دوسرے کو بھی عطر زہرہ کی خوشبو لگا کر پھل دار درخت کے ساتھ باندھیں۔

یہ سب کام سیارہ زہرہ کی ساعت میں کریں۔ جلانا اور باندھنا۔

سمجھنے والی خاص بات:۔

اگر آپ کسی عامل سے نقوش تیار کرواتے ہیں اور آپ کے پاس نقوش بعد میں پہنچتے ہیں۔ تو آپ ان سے ساعت کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ یا کہ پھر خود ساعت نکالیں۔ یا پھر ادارہ سے کتاب ساعت حقیقی منگوا سکتے ہیں۔

عمل کے دوران اور پڑھائی کے دوران سیارہ زہرہ کے بخورات جلائیں۔

سیارہ زہرہ کے بخورات:۔

صندل سفید، کافور، شنگرف، زعفران، عنبر، مشک۔

بخور جو بھی میسر ہو سکے، ایک بھی مل جائے کافی ہے۔ خاص کر صندل سفید ضرور جلائیں اور اگر بتی بھی جلائیں۔

پڑھائی:۔

روزانہ ایک وقت مقرر کر کے تا مقصد تک۔

آیت مبارکہ:۔

313 بار پڑھیں اور مطلوب کا تصور رکھیں کہ ابھی حاضر ہوتا ہے۔ اس آیت سے میری محبت اس کے دل پر ثبت ہو چکی ہے۔

آیت کو پڑھنے سے پہلے اس طرح پڑھیں الحب اپنا نام معہ والدہ علی احب نام مطلوب معہ والدہ بحق آیت مبارکہ پڑھیں۔ صرف شروع میں یہ عبارت پڑھیں۔ ہر بار عبارت پڑھنے کی ضرورت نہیں۔ صرف آیت کافی ہے۔ مزید معلومات ادارہ سے حاصل کریں۔

خدا ہم سب کا حافظ و ناصر ہو۔ آمین ثم آمین۔

❁❁❁

آپ کا برج

وہ لوگ جو یہ جاننے کے خواہش مند ہیں کہ اِن کا برج کون سا ہے اور اِن کے برج کی خصوصیات کیا ہیں اور اِن کے برج سے دوسرے بروج کے لوگوں کے تعلقات کیسے ہوں گے یا اِن کے بروج سے خوش قسمتی کے کون کون سے متفرق اُمور منسلک ہیں، ان کی مکمل راہنمائی یہ اکیلی کتاب کر سکتی ہے۔ ایک جامع اور اپنے موضوع پر بہترین کتاب جو ہر فرد، چھوٹے بڑے، عورت، مرد، بچے سب کی دلچسپی کی حامل ہے۔ دل کو موہ لینے والی تحریر۔

علم نجوم کی روشنی میں

آپ کا ماہ کیسا گزرے گا

عبدالحئی راٹھور

حمل

عرصہ حکومت	21 مارچ تا 20 اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا، ل، ع، ی
خوش قسمت اعداد	9'7'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

یکم تا 8 مئی

آپ کے مختلف لوگوں کے بارے میں قائم نظریات میں تبدیلی رونما ہوسکتی ہے۔ انٹرنیٹ اور اس قسم کے دیگر ذرائع رسل سے آپ فائدہ اٹھانے میں کامیاب رہیں گے۔ یہ وقت اولاد کی طرف سے خوشی لے کر آئے گا۔ پیشہ ورانہ اُمور میں لاپرواہی اور غیر ذمہ دارانہ رویے کو کسی بھی صورت میں داخل نہ ہونے دیں۔ کیونکہ ان حرکتوں کی وجہ سے آپ کے خلاف سخت ایکشن لیا جا سکتا ہے۔ خوراک اور صحت کے معاملات کا خاص طور پر خیال رکھیں۔ خوراک کے سسٹم میں کوئی بڑی تبدیلی نہ کریں۔ موٹے ہیں تو پتلے ہونے کے لیے کوشاں نہ ہوں اور اگر پتلے یا کمزور ہیں تو موٹے ہونے کے لیے غیر ضروری ادویات اور خوراک کا استعمال نہ کریں۔

9 تا 16 مئی

بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ بہن بھائیوں، رشتے داروں اور یار دوستوں سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ ان سے وابستہ کام ہیں تو یہ آسانی سے حل ہو جائیں گے۔ آپ کے اخراجات میں اضافہ ہوگا اور اس کا سبب کافی حد تک آپ خود ہی ہوں گے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہے یا ان کی وجہ سے پریشانی کا سامنا ہے تو وہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ آپ کا رجحان انعامی سکیموں کی طرف تو رہے گا لیکن آپ کو اس سے کوئی خاص فائدہ حاصل نہ ہو سکے گا۔ صحت میں بہتری آئے گی اور کھانے پینے کی طرف توجہ رہے گی۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو ممکن نہیں ہے۔

17 تا 24 مئی

بہو کے ساتھ تعلقات خراب ہیں تو اس میں بھی بہتری آئے گی۔ آپ کی چند ایک

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:.....

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نَحُوْسَۃِ الْکَوَاکِبِ وَ رُجُوْعِہٖ وَ وَبَالِہٖ وَ سُوْءِ نَظْرِہٖ بِحَقِّ یَا اللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔

عددی جدول

ا، ی، ق، غ	۱
ب، پ، ک، گ، ر، ڑ	۲
ج، چ، ل، ش	۳
د، ڈ، م، ت، ٹ	۴
ھ، ن، ث	۵
و، س، خ	۶
ز، ژ، ع، ذ	۷
ح، ف، ض	۸
ط، ص، ظ	۹

مثال

اکبر	ا	ک	ب	ر	
	۱	۲	۲	۲	=۷

خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے وابستہ اگر کوئی غلط فہمی تھی تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات دوبارہ استوار ہوں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گی۔ سیر وتفریح کے پروگرام بنائیں گے، لیکن ان کو بھی عملی شکل دینے میں کامیاب نہ ہوسکیں گے۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔ اولاد کے ساتھ تعلقات میں بگاڑ پیدا ہوتا نظر آ رہا ہے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہوسکیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کے اندازِ گفتگو اچھا ہوگا۔

25 تا 31 مئی

عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو کوشش کریں، تھوڑا وقت لگے گا لیکن آخر کار معاملات حل ہو جائیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں یا کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی خواہش پوری ہوتی نظر آ رہی ہے۔ داماد کے ساتھ تعلقات میں تھوڑی بہت خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں کے ساتھ ملنا جلنا کم رہے گا۔ آپ کے انداز گفتگو میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو کوشش کریں وہ حل ہوتا نظر آ رہا ہے اور اس کا فیصلہ کافی حد تک آپ کے حق میں ہوگا۔

سعد تاریخیں	2-3-7-8-17-21-30
نحس تاریخیں	5-25
لکی نمبر	3-7-9

عرصہ حکومت	21 اپریل تا 20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب، و
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	ہیرا، نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید، لائٹ بلیو

یکم تا 8 مئی

خاندان کے اندر افراد خانہ کے ساتھ حالات کو بہتر بنانے اور گھر کو پُرسکون جگہ بنانے کے لیے کام کرنا مناسب ہوگا۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام کے حوالے سے ناکامی کا سامنے ہوگا۔ اس کے پیش نظر آپ کو چاہیے کہ کوئی نئی اسکیم بنائیں، تاکہ مزید ناکامی سے بچ سکیں۔ روزگار کی تلاش میں ہیں تو اس کے لیے سخت محنت کرنا ہوگی، تاہم کی گئی محنت اپنا ثمر بھی دے گی۔ اولاد سے متعلق معاملات توجہ طلب ہوں گے اس لیے بہتر ہے کہ بچوں کی مناسب راہنمائی کے لیے اپنی مصروفیات میں سے وقت نکال کر ان کی طرف دھیان دیں۔ آپ اپنے پاؤں محبت اور رومانس جیسے کاموں میں سے نکال لیں گے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل ہونے کے امکانات نظر نہیں آ رہے۔

9 تا 16 مئی

بانڈ، جوا وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ رواں عرصے میں آپ سیر وتفریح اور شادی بیاہ میں شرکت کریں گے۔ مالی حوالے سے درپیش چند ایک مشکلات دور ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ کاروبار کے سلسلے میں آپ اندرون ملک اور شہر سفر کرنا پڑے گا۔ خاندان میں عمر میں بڑے لوگوں کے ساتھ آپ کی نہ بن سکے گی۔ کسی مستقل نوعیت کی بیماری کا شکار ہیں تو صحت کے حوالے سے احتیاط کی ضرورت ہے۔ دوران سفر اپنی طرف سے حفاظتی انتظامات پورے رکھیں، پریشانیوں کا سامنا ہوسکتا ہے۔ وہ حضرات جو انتخاب پیشہ اور نوکری کی وجہ سے پریشان ہیں ان کا مسئلہ کافی حد تک حل ہوتا نظر آ رہا ہے۔ لیکن اس کے لیے ان کو اپنے جاننے والوں سے رابطہ میں رہنا ہوگا۔ شراکتی کاروبار میں مسئلہ ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔

17 تا 24 مئی

وہ ملازمت پیشہ افراد جن کی ترقی کی فائل کافی دیر سے رُکی ہوئی ہے، رواں عرصے میں اُس پر دوبارہ نظر ثانی کی جائے گی، اور ترقی کے امکانات زیادہ ہو جائیں۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک مسائل کا سامنا ہوگا۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کے لیے یہ وقت بہتر ثابت ہوگا۔ آپ کی توجہ اپنی ذات پر زیادہ رہے گی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ سفارش کے بغیر حل نہ ہوسکیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو اس سلسلے میں اپنے بہن بھائیوں اور حکومتی اور غیر سرکاری ادارے سے لینے کی کوشش کریں آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔

25 تا 31 مئی

عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہوسکیں گے۔ خفیہ دشمنوں کی وجہ سے اگر کسی مسئلہ کا شکار ہیں تو وہ مسئلہ حل ہو جائے گا اور ان کی طرف سے بھی مزید کسی پریشانی کا سامنا نہ ہوگا۔ وہ افراد جو رشتے کی تلاش میں ہیں ان کا کام ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل نہ ہوسکیں گے۔ آپ کا رجحان مذہبی کام کی طرف کم رہے گا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل نہ ہو سکیں گے۔ انٹرلیول تک کے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔

سعد تاریخیں	13-19-23
نحس تاریخیں	7-8-26

لکی نمبر	4-0-1

عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک، ق
خوش قسمت اعداد	9'5'1
خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج
خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

یکم تا 8مئی

نوکری کی تلاش میں یا اگر ملازمت کر رہے ہیں تو دفتر والوں کے کام کے سلسلے میں اندرون ملک سفر ممکن ہے۔ علاوہ ازیں بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے ملنے ملانے کے لیے اندرون شہر بھی سفر ہو گا۔ قانونی نوعیت کے کسی بھی کام کے حوالے سے کسی لائق وکیل سے مشورہ ضرور لیں۔ مذہبی زیارتیں رواں دنوں میں کم رہیں گی۔ کسی نئی جگہ پر بھی جائیں گے تو آپ لوگوں کی نظر میں عزت کا مقام بہت جلد حاصل کرلیں گے۔ انعامی سکیمیں اور لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو انعام حاصل کرتے نظر آ رہے ہیں۔ (نمبروں کے سلسلے میں آپ ہمارے ادارے کی کتب سے مستفید ہو سکتے ہیں)۔

9تا 16مئی

بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو رواں عرصے میں ممکن ہے، نیز جس کام کے سلسلے میں سفر کر رہے ہیں وہ مقصد حل ہو جائے گا۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل ہو جائیں گے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے یہ وقت سخت ثابت ہو گا ان کو چاہیے کہ جو بھی فیصلہ لیں اس کو دنوں رُخ سے دیکھ کر اور سوچ سمجھ کر لیں۔ سسر کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ اُستاد اور پیر کی خدمت میں حاضری کریں گے۔ آپ کو نئی باتیں سیکھنے کو ملیں گی۔ رواں دنوں میں آپ کی توجہ اپنی ذات اور دنیاوی زندگی کی طرف زیادہ رہے گی۔

17تا24مئی

سیر و تفریح کے پلان بنائیں گے اور جائیں گے بھی۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہو گا۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ رواں عرصے میں حل نہ ہو سکیں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو اس سے فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ آپ کی اکثر خواہشات پوری نہ ہو سکیں گی۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ مسئلہ حل ہو جائے گا نیز کاروبار میں بہتری آئے گی۔ کاروبار کے سلسلے میں بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن ہے۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ محفلوں اور تقریبات میں شرکت کریں گے۔

25تا31مئی

یار دوستوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ بھی کافی حد تک دور ہو جائے گی۔ نیز آپ کا نوکری کے سلسلے میں اندرون ملک سفر بھی ممکن ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت نہ ہو گا۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو نہ مل سکے گا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ خفیہ دشمنوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ بہن بھائیوں سے وابستہ کام با آسانی حل ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	7-8-17-21-25
نحس تاریخیں	2-3-10-30

لکی نمبر	8-3-7

عرصہ حکومت	21 جون تا 22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ھ
خوش قسمت اعداد	8'6'2
خوش قسمت پتھر	سفید موتی، ہیرا، مرجان
خوش قسمت دن	پیر، منگل، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید، بسنتی، پیلا

یکم تا 8مئی

وہ افراد جو کرایہ داروں کی تلاش میں ہیں ان کو بھی بہتر کرایہ دار مل جائیں گے۔ ملازمین پر ضرورت سے زیادہ اعتبار نہ کریں۔ وہ آپ کو چکر بھی دینے کی کوشش کریں گے۔ ہمسایوں کے ساتھ منہ ماری ہو گی۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے یا نوکری کے سلسلے میں بیرون ملک جانا چاہتے ہیں تو یہ وقت مناسب ہے اپنا ویزہ اپلائی کر دیں۔ تعلیمی حوالے سے یا قانونی نوعیت کے معاملات میں اگر آپ اپنے بہن بھائیوں سے مدد مانگتے ہیں تو وہ آپ کی مدد ضرور کریں گے۔ مکان یا سواری کی خرید و فروخت کے لیے اچھا وقت ہے۔ معاملات آپ کی خواہشات کے مطابق طے پا جائیں گے۔ مالی معاملات درپیش پریشانی میں کمی آئے گی۔

9تا 16مئی

بیرون ملک سفر کا ارادہ بنا رہے ہیں تو رواں دنوں میں سفر کرنا مناسب نہیں اس سفر کو کسی اور وقت پر ملتوی کر دیں۔ آپ کے غیر ضروری اخراجات قابو میں آتے نظر آ رہے ہیں۔ رواں عرصے میں آپ کے لیے اندرون ملک سفر ممکن ہے۔ سفر فائدہ مند رہے گا۔ اعلیٰ درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کو تعلیم کے حوالے سے

چند ایک پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ رشتے داروں اور بہن بھائیوں سے ملنا جلنا رہے گا۔ ذہنی پریشانیوں کا شکار ہیں تو رواں دنوں میں سکون نصیب ہوگا۔ بینکوں سے وابستہ معاملات اور کاموں میں پریشانی کا سامنا ہوگا۔ مالی معاملات کے دوران ہوشیار رہیں، آپ کے ساتھ دھوکہ کا امکان ہے۔ آپ کا رجحان فنون لطیفہ اور خط و کتابت کی طرف زیادہ رہے گا۔

17 تا 24 مئی

قرضہ لینا چاہتے ہیں یا لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی محنت رنگ لاتی نظر آ رہی ہے۔ نیز اس سلسلے میں اپنے خاندان کے لوگوں سے بھی رابطہ ضرور کریں، ان کی طرف سے بھی کسی نہ کسی طرح کی مدد مل جائے گی۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف ضرورت کے مطابق رہے گی۔ نیز اگر نتائج کو لے کر پریشان ہیں تو آپ کے نتائج بہتر آئیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ تلخ رہے گا۔ مالی حالات میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام با آسانی حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چھوٹی موٹی پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ ساس کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔

25 تا 31 مئی

آپ کے مالی حالات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ کاروباری حضرات کے کام میں خاص طور پر بہتری آئے گی اور ان کو منافع بھی ہوگا۔ لیکن اس کے لیے انہیں اکثر موقعوں پر اپنے غصے کو قابو میں رکھنا ہوگا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو فائدہ ہوگا لیکن اُمید کے مطابق نہیں۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اولاد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ نیز اگر اولاد جوان ہے تو ان کی وجہ سے مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ شادی بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت ہوگی۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ سخت رہے گا۔

سعد تاریخیں	13-19-23
نحس تاریخیں	5-12-25
لکی نمبر	0-2-5

اسد

عرصہ حکومت	23 جولائی تا 23 اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م
خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت، مرجان
خوش قسمت دن	اتوار، منگل، بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا، سبز، سرخ

یکم تا 8 مئی

شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ اس کی وجہ آپ کا شریک حیات کی ہر چھوٹی سے چھوٹی بات میں نقص نکالنا ہوگی۔ پرانے یار دوستوں سے ملنے کا اتفاق ہوگا۔ خواہشات کو حقیقت کی شکل دینے کے لیے خاصی محنت کرتے نظر آ رہے ہیں۔ سواری کی خرید و فروخت کے حوالے سے مناسب وقت نہیں ہے۔ ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ آپ کی کھٹ پٹ ہوگی۔ وہ آپ کے حسب خواہش کام نہ کریں گے۔ اس عرصہ میں زیادہ تر آپ جلد بازی کا مظاہرہ کریں گے۔ دوسروں سے آپ کی توقعات زیادہ رہیں گی۔ معاشرے میں اپنی پوزیشن اور روزگار کے حوالے سے سنجیدہ اور مستحکم رویہ رہے گا۔ کاروباری افراد کے کام میں تیزی رہے گی۔

9 تا 16 مئی

غیر ضروری اخراجات کی مد میں کمی آئے گی۔ دشمنوں اور مخالفوں کی سازشوں کا بھرپور طریقہ سے جواب دیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ بہتر وقت گزرے گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ حاصل نہ ہو سکے گا۔ آپ کا رویہ میں خوش مزاجی کا عنصر شامل رہے گا۔ لوگوں سے گفتگو بہت سلیقہ سے کریں گے۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ ان دنوں میں ہونا آپ کے لیے نقصان دہ رہے گا۔ دوستوں اور رشتے داروں سے میل جول رہے گا۔ سیر و تفریح کے پلان بنائیں ے لیکن اچانک کسی مسئلہ کی وجہ سے منصوبہ کو عملی شکل نہ دے پائیں گے۔ آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔

17 تا 24 مئی

کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں نسبتاً بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ کاروبار سے ہونے والے منافع میں بھی اضافہ ہوگا۔ بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اگر ان سے وابستہ کوئی کام ہیں تو ان سے نرمی سے پیش آئیں، آپ کا کام ہو جائے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ آپ کی اُمید کے مطابق حل نہ ہو سکیں گے۔ خاندانی یا ذاتی زمین ہے تو اس سے حاصل ہونے والی آمدن میں کمی واقع ہوگی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش سے وہ حل ہو جائیں گے۔ معاشرے میں آپ کی عزت میں بہتری آئے گی۔

25 تا 31 مئی

بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے تھے تو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ نیز اس سلسلے میں آپ کے گھر والے بھی آپ کے لیے مددگار ثابت ہوں گے۔ والدہ کے ساتھ ناراضگی تھی تو تعلقات میں اب بہتری آئے گی۔ کاروباری حضرات کو کام میں پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کا رجحان مذہبی

کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ اپنے غصے کو قابو میں نہ رکھنے کی وجہ سے آپ کا مسائل سے سامنا ہوگا۔ نیز آپ ذہنی پریشانی کا شکار بھی ہو سکتے ہیں۔ قانونی نوعیت کے کام درپیش ہیں تو کوشش کریں، حل ہو جائیں گے۔ انٹرلیول اور اس سے کم لیول کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف رہے گی۔ گاڑی موٹر سائیکل وغیرہ خریدنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو کوشش کریں کامیابی ملے گی۔

سعد تاریخیں	2-3-12-17-21-30
نحس تاریخیں	7-8-26
لکی نمبر	3-0-9

عرصہ حکومت	24 اگست تا 22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، سفید

یکم تا 8 مئی

اپنے کھانے پینے کے معاملات پر کنٹرول رکھیں۔ مالی لحاظ سے یہ عرصہ فائدہ مند ہوسکتا ہے۔ اس کے علاوہ اچانک دولت کا حصول بھی ممکن ہے۔ اخراجات میں کمی آئے گی۔ بانڈ، ریس، لاٹری وغیرہ جیسی چیزوں کی طرف بھی کافی دھیان رہے گا۔ والدہ کی صحت کا خیال رکھیں۔ قریبی رشتے داروں یا ہمسایوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو میرا مشورہ ہے کہ فی الحال وہ کاروبار میں مزید پیسہ نہ لگائیں، کیونکہ ابھی پیسہ لگانا، پیسہ ضائع کرنے والا ہی کام ہے۔ موسیقی وغیرہ سے لطف اندوز ہوں گے۔ دوسرے لوگوں کی توجہ کا مرکز بنیں گے۔

9 تا 16 مئی

صحت میں بہتری رہے گی۔ ساتھ ہی خوراک کی طرف بھی توجہ دیں گے۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ زمین یا سواری وغیرہ خریدنے کے لیے یہ وقت آپ کے لیے فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ ملازمت پیشہ افراد کی ترقی کے امکانات رواں عرصے میں کافی ہیں، لیکن اس کے لیے ان کو خود بھی ہاتھ پاؤں چلانے ہوں گے۔ رواں دنوں میں آپ خوف کا شکار رہیں گے۔ اکثر اوقات رات کو سوتے میں برے خواب بھی آئیں گے۔ معاشرے میں اور اُٹھنے بیٹھنے والوں میں آپ کی عزت اور مقام پہلے کی طرح برقرار رہے گا۔

17 تا 24 مئی

آپ کے مالی حالات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ پریشانی بھی دور ہو جائے گی۔ اُستاد اور روحانی بزرگ سے ملاقات کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ کاروبار سے وابستہ افراد تجارت کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو یہ آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی، نیز ان سے ملنا جلنا بھی کم رہے گا۔ ملازمین سے وابستہ کام کے حل میں دشواری کا سامنا کرنا پڑے گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو آپ کو ملتا نظر نہیں آ رہا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل ہیں تو کوشش کریں ان کا فیصلہ آپ کے حق میں ہوگا۔

25 تا 31 مئی

یار دوستوں اور بہن بھائیوں سے ملاقات کریں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو کوشش کریں، سفر ممکن ہے۔ اگر آپ کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں تو آپ کی صحت میں بہتری آئے گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں، آپ کو کامیابی ملے گی۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ ضرورت کے مطابق نہ ہوگا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ سیر و تفریح کے لیے کم ہی جائیں گے۔ قریبی رشتے داروں سے ملنا جلنا رہے گا۔ کسی مقدمے کا شکار ہیں تو کوشش کریں وہ مقدمہ حل ہو جائے گا۔ دشمنوں کو لے کر پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ان سے مقابلہ کی پوزیشن میں ہوں گے۔

سعد تاریخیں	13-19-23
نحس تاریخیں	2-3-10-30
لکی نمبر	4-1-2

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ط
خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

یکم تا 8 مئی

اپنے کھانے پینے کے معاملات پر کنٹرول رکھیں۔ مالی لحاظ سے یہ عرصہ فائدہ مند ہوسکتا ہے۔ اس کے علاوہ اچانک دولت کا حصول بھی ممکن ہے۔ غیر ضروری اخراجات میں کمی آئے گی۔ بانڈ، ریس، لاٹری وغیرہ جیسی چیزوں کی طرف بھی کافی دھیان رہے گا۔ والدہ کی صحت کا خیال رکھیں۔ قریبی رشتے داروں یا ہمسایوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو میرا مشورہ ہے کہ فی الحال وہ کاروبار میں مزید پیسہ نہ لگائیں، کیونکہ ابھی پیسہ لگانا، پیسہ ضائع کرنے والا ہی

کام ہے۔ موسیقی وغیرہ سے لطف اندوز ہوں گے۔ دوسرے لوگوں کی توجہ کا مرکز بنیں گے۔

9تا 16مئی

دشمنوں کو لے کر پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ رشتے کی تلاش میں ہیں تو رواں دنوں میں اچھا رشتہ ملتا نظر آ رہا ہے۔ بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو رواں دنوں میں کوشش کریں، آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے اور آپ کے لیے یہ سفر فائدہ مند بھی ثابت ہوگا۔ ننھیالی رشتے داروں سے میل جول کم رہے گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، میچ وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ یار دوستوں سے ملاقات کریں گے اور ان کے ساتھ تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ دوران سفر احتیاط کریں اور اپنے سامان کی حفاظت کریں، چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ زمین وجائیداد کی خرید وفروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔

17تا24مئی

انعامی سکیمیں، لاٹری، جوا، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو اس میں فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ آپ کی توجہ اپنی ذات پر زیادہ رہے گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں، آپ کو ملتا نظر آ رہا ہے۔ نیز اس سلسلے میں اپنے بہن بھائیوں سے بھی رجوع کریں۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک مسائل کا سامنا ہوگا۔ آپ کو اپنی خواہشات کی تکمیل میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو کوشش کریں وہ حل ہو جائے گا۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔

25تا31مئی

خواہشات کی تکمیل کے لیے کوشش کریں پوری ہونے کے امکانات ہیں۔ لوگوں کے ساتھ اندازِ گفتگو میں بہتری آئے گی۔ جس کی وجہ سے آپ کے ان سے درپیش کام بھی باآسانی حل ہو جائیں گے۔ اگر آپ کو مالی حوالے سے پریشانی کا سامنا تھا تو وہ پریشانی بھی کافی حد تک دور ہو جائے گی۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ بھی کافی حد تک دور ہو جائے گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو اس عرصہ میں نہ مل سکے گا۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ شراکتی اکاونٹ کا مسئلہ ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔ انعامی سکیمیں کھیلنا آپ کے لیے نقصان دے رہے گا۔ سیر وتفریح کے پروگرام بنائیں گے، لیکن جا نہ سکیں گے۔

سعد تاریخیں	2-3-7-8-17-21-30
نحس تاریخیں	5-12
لکی نمبر	7-8-0



عرصہ حکومت	24اکتوبر تا22 نومبر
منسوبی کواکب	مریخ، پلوٹو
منسوبی حروف	ذ، ز، ض، ظ، ن
خوش قسمت اعداد	8'3'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، روبی
خوش قسمت دن	اتوار، پیر، منگل، جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال، سفید، کریم کلر

یکم تا 8مئی

رواں دنوں میں لوگوں سے اپنے کام کروانے میں آپ کو زیادہ مشکلات پیش نہیں آئیں گی۔ رواں دنوں میں کواکبی پوزیشن کاروباری حضرات کے لیے بہت بہتر ہے۔ ان کو اپنے کام سے فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ گھریلو معاملات میں تھوڑا تناؤ رہے گا۔ سواری خریدنا چاہتے ہیں تو اس کام کے لیے یہ وقت بہتر نہیں ہے۔ نہ ہی آپ کو اپنی اُمید کے مطابق چیز مل سکے گی۔ اولاد آپ کی عزت میں اضافہ کا باعث بنے گی۔ شادی بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت رہے گی۔ بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں کے ساتھ معاملات میں خرابی آئے گی۔ ان سے وابستہ کام بھی حل نہ ہو سکیں گے۔

9تا 16مئی

قرضہ لینا چاہتے ہیں کوشش کریں ان دنوں آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ کام حل ہو جائیں گے۔ اولاد کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ تلخ رہے گا۔ صحت میں بہتری آئے گی علاوہ ازیں ہسپتال میں داخل ہیں تو ان کی طرف سے آپ کو چھٹی مل جائے گی۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی، ان سے اور چند ایک پرانے دوستوں سے بھی ملنا جلنا ہو گا۔

17تا24مئی

ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اگر خاندان کے دوسرے لوگوں سے ناراضگی ہے تو وہ بھی دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ ذاتی کاروبار کرنے والے حضرات کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی، ان کے ساتھ سیر وتفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ لڑائی جھگڑے جیسے کاموں سے دور رہیں، آپ کو چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ صحت کے حوالے سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ آپ کے اخراجات میں کمی آئے گی۔

25تا31مئی

ملازمت پیشہ افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ پریشانی کافی حد تک دور ہو جائے گی۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام ہیں تو

حل ہو جائیں گے۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں تیزی آئے گی۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ معاشرے اور دوسرے لوگوں کی نظر میں آپ کی عزت برقرار رہے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہوسکیں گے۔ لڑائی وغیرہ ہوتی ہے تو آپ مخالفوں پر حاوی رہیں گے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ زمین کی خرید وفروخت کے حوالے سے موزوں وقت نہیں ہے۔

سعد تاریخیں	19-23
نحس تاریخیں	7-8-26
لکی نمبر	0-1-5

عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج، پنا، روبی
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا، ہلکا زرد

یکم تا 8 مئی

سواری کی خریداری کے لیے اچھا وقت ہے۔ بیرون ملک سفر کے خواہش مند لوگوں کے لیے یہ وقت بہتر ہے ان کو چاہیے کہ ویزے کے لیے اپلائی کر دیں۔ رواں دنوں میں گھریلو حالات خوشگوار رہیں گے اور سکون بھی میسر رہے گا۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل نہ ہوسکیں گے۔ وہ ملازمت پیشہ افراد جن کو ترقی ملنے کے امکانات ہیں، یہ خوشخبری ان کو رواں عرصے میں نہ ملے سکے گی۔ آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں خرچ کریں گے۔ والدہ کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ کاروبار کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا فائدہ مند ثابت نہ ہوگا، بہتر ہے اس کو اگلے وقت پر ملتوی کر دیں۔

9 تا 16 مئی

اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو رواں دنوں میں کریں، آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ یہ سفر شریک حیات کے ساتھ بھی ممکن ہے۔ مکان یا سواری لینا چاہتے ہیں تو یہ عرصہ آپ کے لیے سعد نہیں ہے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں بہتری آئے گی اور اس سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا مفید رہے گا۔ رواں دنوں میں آپ اپنی زندگی میں پریشانیوں کو اپنے اوپر حاوی رکھیں گی۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ رشتے داروں اور ہمسائیوں سے ملنا جلنا رہے گا۔ عمر میں بڑے لوگوں سے اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گے اور ان کی طرف سے بہتر مشورہ بھی ملے گا۔

17 تا 24 مئی

ملازمت سے وابستہ افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ مسئلہ حل ہوتا نظر آ رہا ہے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ یار دوستوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا بھی ہو گا۔ آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں کم خرچ کریں گے۔ قانونی نوعیت جیسے مسائل کا شکار ہیں تو اس کا فیصلہ اگر اس عرصے میں ہوتا ہے تو وہ آپ کے لیے بہتر ثابت نہ ہو گا۔ اخراجات میں اضافہ ہو گا، سیر وتفریح کے کافی پلان بنائیں گے۔ لیکن چند ایک دفعہ ہی جاسکیں گے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔

25 تا 31 مئی

مالی معاملات بھی بہتری کی امید ہے۔ دشمنوں سے کوئی خطرہ نہیں، آپ دشمنوں پر حاوی رہیں گے۔ قانونی نوعیت یا مقدمہ وغیرہ جیسے مسائل ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہوسکیں گے۔ داماد کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ آتی رہے گی۔ لڑائی جھگڑے جیسے کاموں سے دور رہنا آپ کے لیے بہتر ثابت ہو گا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ اندرون ملک سفر کے بارے میں سوچ رہیں ہیں تو سفر ممکن نہیں ہے۔ مذہبی کاموں میں خاصی دلچسپی لیں گے۔ خواہشات کو حقیقی شکل دینے کے لیے خاص محنت کرنا پڑے گی۔ قوی امکانات ہیں کہ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہو جائیں۔

سعد تاریخیں	7-8-12-21-25
نحس تاریخیں	10-26
لکی نمبر	3-6-8

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ، ج، گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، سفید، سبز

یکم تا 8 مئی

وہ افراد جو قرضہ لینا چاہتے ہیں ان کو چاہیے کہ رواں دنوں میں کوشش کریں، کامیابی ملے گی۔ اس عرصہ میں بیرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے موزوں نہیں ہے۔ ذہنی پریشانی کا شکار ہیں تو وہ دور ہو جائے گی۔ صحت بہتر رہے گی، اور کھانے پینے کے معاملات کی طرف زیادہ توجہ دیں گے۔ خط وکتابت

اور کمپیوٹر کا استعمال زیادہ کریں گے۔ چھوٹے بہن بھائیوں یا قریبی رشتے داروں کے ذمے کوئی کام لگایا ہے تو وہ حل ہو جائے گا۔ آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں کم خرچ کریں گے۔ رواں دنوں میں زبان کا بے جا استعمال آپ کے لیے پریشانی لا رہا ہے۔

9تا 16مئی

آپ کے مالی حالات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ رواں دنوں میں مال کی لین دین کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ رواں عرصے میں ممکن نہیں۔ ملازمت کی تلاش میں ہیں تو آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ اندرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ عمرہ کے لیے بیرون ملک سفر ممکن ہے۔ آپ کو اپنے خفیہ دشمنوں کی وجہ سے پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ آپ کے غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ علوم مخفی کی طرف آپ کی دلچسپی زیادہ رہے گی۔ ساس کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔

17تا24مئی

ذاتی کاروبار کرنے والے افراد کے کام میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے، لیکن شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں کوئی تبدیلی نہ آئے گی۔ اولاد کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اولاد اور شریک حیات کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ یار دوستوں سے ملنا جلنا کم رہے گا۔ زمین و جائیداد وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ معاشرے میں اور لوگوں کی نظر میں آپ کی عزت پہلے کی طرح برقرار رہے گی۔

25تا31مئی

قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں ملتا نظر آ رہا ہے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں آپ کے کام ہو جائیں گے۔ چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ انعامی سکیمیں لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے آپ کو فائدہ نہ ہوگا۔ کسی خطرناک بیماری شکار ہیں تو آپ کی صحت میں بہتری آئے گی۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو اپنے کاروبار میں چند ایک مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ساس کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ سیر و تفریح کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو اس عرصے میں ممکن نہیں۔ مکان کرائے پر دے رکھا ہے تو کرایہ دار کرایہ دینے پر تنگ کرتے نظر آ رہے ہیں۔

سعد تاریخیں	13-23
نحس تاریخیں	5-12-25
لکی نمبر	4-5-7

دلو

عرصہ حکومت	20 جنوری تا18 فروری
منسوبی کواکب	زحل، یورانس
منسوبی حروف	س، ش، ث، ص
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

یکم تا 8مئی

شریک حیات کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ دونوں سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رہے گا۔ آپ کے مالی حالات بہتر رہیں گے۔ ساس کے ساتھ ناراضگی پیدا ہوگی۔ انعامی سکیمیں یا لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے بڑا انعام حاصل نہ کر پائیں گے۔ آپ اپنی خواہشات اور اُمیدوں کو پورا کرنے کے لیے بھرپور محنت کریں گے، لیکن چند ایک خواہشات ہی پوری ہو سکیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو وہ ملتا نظر نہیں آ رہا۔ مالیاتی لین دین کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ بینکوں سے وابستہ کام پورے ہو جائیں گے۔ اولاد کے ساتھ وقت گزاریں گے۔

9تا 16مئی

یار دوستوں سے ملنا جلنا رہے گا ان کے ساتھ سیر و تفریح کے پلان بنائیں گے ا۔ جائیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کی اکثر خواہشات اور تمنائیں رواں عرصے میں پوری نہ ہو سکیں گی۔ آپ کی توجہ اپنی ذات پر زیادہ رہے گی۔ صحت میں بہتری آئے گی۔ مالی مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ شراکتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ اولاد کی صحت کے حوالے سے پریشانی ہے تو وہ دور ہو جائے گی۔ اندرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔

17تا24مئی

ساس کے ساتھ تعلقات میں ستی آئے گی۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ حکومتی محکموں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ خاندانی یا ذاتی زمینیں ہیں تو اس سے فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔

25تا31مئی

حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی

مسائل ہیں تو وہ حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ کاروباری حضرات کے کام میں بہتری آئے گی۔ شراکتی اُمور تصفیہ طلب ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گا۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل ہوتے نظر نہیں آ رہے ہیں۔ دشمنوں سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں سفر ممکن ہے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ والدہ کے ساتھ تعلقات میں ان بن رہے گی۔ ملازمین سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل ہوتے نظر نہیں آ رہے ہیں۔

سعد تاریخیں	2-3-12-17-25-30
نحس تاریخیں	5-26
لکی نمبر	3-8-0

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ
منسوبی کواکب	مشتری، نپچون
منسوبی حروف	چ، د
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، مونگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

یکم تا 8 مئی

ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ رواں دنوں میں دور ہو جائے گی۔ اس عرصہ میں آپ اپنی ذات پر خاص توجہ دیں گے۔ خفیہ دشمنوں کی طرف سے پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ صحت بہتر رہے گی۔ ذہنی پریشانی تھی تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔ شریک کار سے وابستہ اُمیدیں پوری نہ ہو سکیں گی۔ ننھیالی رشتے داروں سے ملنا جلنا ہوگا۔ ان سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائے گا۔ رواں دنوں میں آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ اندرون ملک سفر کرتے ہیں تو آپ کو اپنے مقصد میں اُمید کے مطابق کامیابی نہ مل سکے گی۔

9 تا 16 مئی

انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ شریک حیات کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ ملازمت سے منسلک افراد کو نوکری کے حوالے سے کام کا دباؤ اور تناؤ پیدا ہوگا۔ آپ کے فضول اخراجات قابو میں آتے نظر آ رہے ہیں۔ مخالفوں اور دشمنوں سے خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں۔ آپ ان سے مقابلے کی پوزیشن میں ہیں۔ آپ کی توجہ اپنی ذات پر کم رہے گی۔ اپنی اشیاء کی حفاظت کریں، گم ہونے یا چوری کیے جانے کا اندیشہ ہے۔ رواں عرصے میں دال کا صدقہ دیں دے تو آپ کے لیے بہتر ہے۔

17 تا 24 مئی

قرضہ لینا چاہتے ہیں یا کوشش کر رہے ہیں تو رواں عرصے میں اپنی کوشش کو جاری رکھیں، آپ کا کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں ہے۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو کوشش کریں وہ حل ہو جائے گا۔ بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو رواں عرصے میں فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ آپ کے اخراجات قابو میں آتے نظر آ رہے ہیں۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ سخت رہے گا، جس کی وجہ سے اکثر کام حل نہ ہو سکیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو اپنی کوشش کو جاری رکھیں۔ آپ کا کامیابی مل جائے گی۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔

25 تا 31 مئی

آپ کے مالی حالات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ آپ اپنا مال رفاعی کاموں میں بھی خرچ کریں گے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام ہیں تو کوشش کرنے سے حل ہو جائیں گے۔ اس عرصے میں آپ کو چند ایک مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کو اپنے خفیہ دشمنوں سے محتاط رہنا ہوگا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ ساس کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ آپ کے انداز گفتگو میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	13-19
نحس تاریخیں	2-3-10-30
لکی نمبر	4-1-0

☆☆☆

مون سٹون

کشش کے لیے

وہ جو محسوس کرتے ہیں کہ جنس مخالف ان میں دلچسپی نہیں لیتی یا توجہ کی کمی ہے یا ان میں کشش یا دل کشی کے حوالے سے کمی پائی جاتی ہے تو اس مسئلہ کے حل کے لیے مون سٹون کا استعمال کریں۔ مرد ہو یا عورت مون سٹون خاص قسم کی کشش اور جذبی کیفیت پیدا کرتا ہے۔ اصل پتھر دستیاب ہے۔

جواہرات اور تسبیحاں

ادارہ راہنمائے عملیات اصل جواہرات اور اصل پتھروں کی تسبیحاں ایک طویل عرصہ سے فراہم کر رہا ہے۔ یہ دراصل ادارہ راہنمائے عملیات پر اعتماد کی وجہ ہی ہے کہ ملک عزیز کے کونے کونے سے لوگ جواہرات اور تسبیحاں گھر بیٹھے طلب کرتے ہیں اور ادارہ بھی ان کے اعتماد پر پورا اترتا ہے۔ سو آپ بھی اصل جواہر و پتھر مناسب قیمت پر دفتر آ کر یا بذریعہ ڈاک طلب کر سکتے ہیں۔ جواہرات کی مزید تفصیل آپ ہماری ویب سائٹ پر بھی دیکھ سکتے ہیں۔

ذیل میں جواہرات کی کم سے کم قیمت دی گئی ہے۔ آپ ہمارے سے چاہے سستا سے سستا پتھر خریدیں یہ یقین رکھیں کہ ہوگا وہ اصل۔ جواہر کے اصل ہونے کی ہماری گارنٹی ہے۔ جو لوگ خود نہیں آ سکتے وہ ہماری ویب سائٹ پر پتھروں کی تصویر اور قیمت دیکھ سکتے ہیں۔ آپ ادارہ سے اپنے پسندیدہ پتھر کی انگوٹھی یا لاکٹ وغیرہ بھی بنوا سکتے ہیں۔

جواہرات

نام پتھر	قیمت	پیری ڈاٹ	1100	بلڈ سٹون	1500
عقیق	500	نیلم	2600	مقناطیس	1500
لاجورد	550	لہسنیا	900	مانک	3000
مرجان	1600	ٹائیگر	900	سنگ یشب	4000
فیروزہ	2400	گارنٹ	950	سنگ حدید	1250
مون سٹون	1200	موتی	2000	زہر مہرہ	1000
ریمبو مون سٹون	3600	فونکس/جیڈ	1500	ترملین	2200
اوپل	2200	زبرجد	1500	اونکس	1400
زمرد	4200	دانہ فرہنگ	1500	کنزائٹ	4000
یاقوت	2600	کوارڈز	2000	جیسپر	1200
سنہلا پکھراج	950	روز کوارڈز	1500	لیبروڈرائٹ	2100
پکھراج	2500	ایے تھیسٹ (کٹیلا)	2000		
سنگ مریم	800	موئے نجف	1100		
ایکوامرین	3200	در نجف	750		
گاڈ میڈک	1600	سنگ موسی	3000		

پتھروں کے اصل ہونے کی گارنٹی ہے

جواہراتی تسبیحاں

ذیل میں مختلف جواہرات سے بنی تسبیحوں کا ذکر ہے۔ خیال رہے یہ سب اصل ہیں کوئی بھی تسبیح ان میں سے نقلی نہیں ہے۔ یہ کم سے کم قیمت ہے۔

تسبیحات	قیمت 33 دانے	قیمت 99 دانے
عقیق یمنی لال	1200	3000
عقیق سلیمانی	1500	4400
عقیق لال کٹنگ والی	5000	---
عقیق کالا	2000	4000
عقیق سبز سلیمانی	7500	---
موتی	1650	4000
صدف	2800	8000
ٹائیگر	2000	3000
لاجورد	2200	6500
جیڈ	2750	4000
دانہ فرہنگ	2500	4000
سنگ یشب	16,000	---
گارنٹ	12,500	---
پیری ڈاٹ	15,500	---
چاندی اللہ و محمد کندہ	8500	---

فون نمبرز	0300-8442060	0321-4753240	0300-4783518	042-36293245	042-36374864

اوج زہرہ

تحریر و تحقیق: خالد اسحاق راٹھور

اوج زہرہ کے حوالے سے سطور ذیل میں بالترتیب اُن نقوش والواح کو بیان کیا جارہا ہے جو ادارہ "راہنمائے عملیات" طویل عرصے سے تیار کر رہا ہے اور اِن کی موثریت مسلمہ امر ہے۔ راہنمائے عملیات کے ہر قاری کا شکار ہوں وہ بھی اس لوح سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ پیار محبت اور الفت کا مجرب خزانہ۔ خاندان میں باہم پیار اور اتفاق اور بہن، بھائیوں کے درمیان الفت، محبت اور قلبی کشش پیدا کرنے کے لیے بھی موثر ہے۔

12 مئی 2018 صبح 06 بجکر 11 منٹ 15 سیکنڈ تا 13 مئی 2018 کو رات 02 بجکر 08 منٹ 22 سیکنڈ ہے

کے لیے اِن الواح کے بیان کا مقصد یہ ہے کہ اگر وہ اس سعد گھڑی سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں تو پھر اِن نقوش والواح کو خود تیار کرلیں اور اگر اُن کو عملیات کی سمجھ نہیں تو ادارہ ''راہنمائے عملیات،، سے اِن الواح ونقوش کو حاصل کر سکتے ہیں۔

لوح شرف واوج زہرہ

زمانہ قدیم سے زائچے میں جنس، پیار، محبت، الفت، آسودگی، خوبصورتی اور حسن کے حوالے سے طاقت ور ترین عامل کی حیثیت رکھنے والا زہرہ جب حالت شرف یا اوج میں ہوتا ہے تو درج ذیل امورات میں موثر مانا جاتا ہے۔

لوحِ اوج زہرہ/محبت

عوام وخواتین میں مقبولیت، تسخیر محبوب، میاں بیوی میں اتفاق، محبت اور گھریلو سکون، رجوع خلقت، شادی، حسن، خوبصورتی اور کشش پیدا کرنے کے لیی باکمال لوح ہے۔ وہ مرد اور خواتین جو حسن اور خوبصورتی کے مسائل

لوحِ اوج زہرہ

شرف یا اوج کسی بھی کوکب کا ہو، اثرات تو اس کے متعلقہ کوکب کے حوالے سے ہوتے ہیں لیکن اس کی موثریت اپنی جگہ اہم اور مستند خیال کی جاتی ہے۔ کوکب کا شرف یا اوج میں ہونا اس کے تحت تیار کردہ عملیات کو اثر انداز اور کامیاب بنا دیتا ہے۔ اس حوالے سے جو نقش تیار کیا جاتا ہے ذیل میں بمعہ چال دیا جارہا ہے۔

چال زہرہ بادی

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش زہرہ

یا مصور یا عظیم یا باری

۷۵۱	۷۴۸	۷۴۰	۷۵۴
۷۴۱	۷۵۳	۷۵۲	۷۴۷
۷۵۶	۷۴۲	۷۴۶	۷۴۹
۷۴۵	۷۵۰	۷۵۵	۷۴۳

یا اللہ یا رشید

وہ جو عملیات کی سمجھ رکھتے ہیں خود یہ نقش تیار کر لیں اور جو ادارے سے طلب کرنا چاہیں وہ ہدیہ ارسال کر کے اس نقش و لوح سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

لوح زہرہ برائے اپاؤ

رجعت و نحوست زہرہ

زہرہ کی رجعت و نحوست اپنے اندر ایسا اثر رکھتی ہے کہ ہر صاحب علم اِن کو مانتا اور سمجھتا ہے۔ سطور ذیل میں اس حوالے سے واقع ہونے والے اثرات کا بیان ہے تا کہ ہر فرد سمجھ سکے کہ کیا وہ تو نہیں زحل کی رجعت و نحوست کا شکار ہے۔

زہرہ کی رجعت/نحوست فرد کی زندگی میں خوشیوں اور آسانیوں کی کمی کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ عشق و محبت کے متوالوں کے لیے یا وہ جوڑے جو ازدواجی زندگی کی سچی خوشیوں سے محروم رہتے ہیں درحقیقت کہیں نہ کہیں زہرہ کی رجعت/نحوست ان کو متاثر کر رہی ہوتی ہے۔ وہ لوگ جو شوبز/میڈیا، بیوٹی پارلر، بوتیک اور فیشن کی دنیا سے منسلک ہیں۔ اگر ان کے زائچہ میں زہرہ رجعت/نحوست سے پاک نہ ہو تو وہ عوامی پذیرائی حاصل نہیں کر پاتے ہیں۔ ایسے افراد جو آسان ذرائع سے روپیہ حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں یا وہ جوریس، لاٹری، سٹاک مارکیٹ وغیرہ جیسے اُمور سے وابستہ ہیں اور فائدے کی بجائے نقصان اُٹھاتے ہیں تو ان کو اس بات کو سمجھ لینا چاہیے کہ زہرہ ان کے پیدائشی زائچہ میں رجعت/نحوست کا شکار ہے۔ سو اپنی زندگی میں خوشیاں اور آسانیاں لانے اور معاملات کار میں روانی کے لیے یہ لوح حاصل کریں اور معاملات زندگی میں آسانیوں کے حصول کو یقینی بنائیں۔

اس حوالے سے نقش تیار کرنا نسبتاً مشکل کام ہے کیونکہ اس قسم کے نقش میں صرف شرفی یا اوجی طاقت ہی نہیں مدنظر رکھی جاتی بلکہ دیگر نجومی کلیات کو مدنظر رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ عملیاتی سمجھ بوجھ بھی بہت ضروری ہے جو کہ اوسط درجے کے عامل یا نجومی کے بس میں نہیں۔

سطور ذیل قارئین راہنمائے عملیات کے لیے وہ خاص نقش بمعہ چال تحریر ہے۔ جو مہارت رکھتے ہیں تیار کر سکتے ہیں۔

نقش زہرہ (رجعت و نحوست)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا واسع یا فتاح یا مالک الملک

۳۴۰	۳۳۷	۳۳۰	۳۴۳
۳۳۱	۳۴۲	۳۴۱	۳۳۶
۳۴۵	۳۳۲	۳۳۵	۳۳۸
۳۳۴	۳۳۹	۳۴۴	۳۳۳

یا لطیف یا ودود

چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

یا لطیف یا ودود

نقش زہرہ نورانی

راہنمائے عملیات میں حروف نورانی کے حوالے سے مختلف کواکب سے متعلق نقوش دیئے گئے تھے، جن کو قارئین کی ایک بڑی تعداد نے پسند بھی کیا اور استعمال بھی اور ان کی موثریت کی تعریف بھی کی۔ سو زیر بحث عمل بحوالہ زہرہ ذیل میں دیا جا رہا ہے۔

اس حوالے سے ذیل میں تیار شدہ نقوش پیش کیے جا رہے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ زہرہ سے منسوب تکسیر نورانی بھی دی گئی ہے، تا کہ آپ اپنے لیے یا کسی فرد کو اس کے مسئلے کے حل کے مطابق تکسیر زعفران سے لکھ کر استعمال کے لیے دینا چاہیں تو ایسا کرنے میں آسانی رہے۔ یعنی محبت، بیماری یا سحر وغیرہ کے مسائل میں فرد کو یہ پینے کے لیے دی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ اس تکسیر کو فتیلہ وغیرہ بنانے کے کام بھی لایا جا سکتا ہے، جو کہ سحر، رد نظر اور ضرورت کے دیگر کاموں میں استعمال ہو سکتا ہے۔ دراصل یہ عامل کی ذہانت اور سائل کے مسئلہ پر کہ اس کو کس طرح اور کس طور استعمال کیا جائے۔ سو ہر فرد اپنی اپنی سمجھ اور ضرورت کے مطابق اِن نقوش اور تکسیر وغیرہ کو استعمال کر سکتا ہے۔ سو سب سے پہلے زحل سے منسوب تکسیر زہرہ نورانی دی جا رہی ہے اور اس کے بعد نقش زہرہ نورانی دیا جا رہا ہے۔

تکسیر زہرہ

اف ل ص م ق ص ر ر ف ک ص ہ ق ی ر ع ف ط ص ہ ق س ر ح ف ق ص ن ق ق ان ف ص ل ق ص ف م ح ق ر ص س ر ق ر ہ ف ص ک ط ص ف ہ ع ق ر ی ی ق ر ا ق ن ع ف ہ ص ف ل ص ق ط ص ک ف ص م ف ح ہ ق ر ر ق ص ر س

س ی ر ق ص ر ق ا ر ق ر ن ق ع ہ ف ح ہ ف ص م ف ص ل ف ص ک ق ص ط
ط س ص ی ق ر ک ق ص ص ف ر ل ق ص اف ر م ق ص ر ف ن ہ ق ح ع ف ہ
ہ ط ف س ع ص ح ی ق ق ہ ر ن ک ف ق ر ص ص ص ق ف م ر ر ل ف ق ا ص
ص ہ ا ط ق ف ف س ل ع ر ص ر ح م ی ف ق ق ق ص ہ ص ر ص ن ر ک ق ف
ف ص ق ہ ک ا ر ط ن ق ص ف ر ف ص س ہ ل ص ع ق ر ق ص ق ر ف ح ی م
م ف ی ص ح ق ف ہ ر ک ق ا ص ر ق ط ر ن ق ق ع ص ص ف ل ر ہ ف س ص
ص م س ف ف ی ہ ص ر ح ل ق ف ف ص ہ ص ر ع ک ق ق ق ا ن ص ر ر ط ق
ق ص ط م ر س ر ف ص ف ن ی ا ہ ق ص ق ر ق ح ک ل ع ق ر ف ص ف ہ ص
ص ق ہ ص ف ط ص م ف ر ر س ق ر ع ف ل ص ک ف ح ن ق ی ر ا ق ہ ص ق
ق ص ص ق ہ ہ ق ص اف ر ط ی ص ق م ن ف ح ر ف ر ک س ص ق ل ر ف ع
ع ق ف ص ر ص ل ق ق ہ ص ہ س ق ک ص ر اف ف ر ر ح ط ف ی ن ص ح ق
ق ع م ق ص ف ن ص ی ر ف ص ط ل ح ق ر ق ر ہ ف ص ف ہ ا س ر ق ص ک
ک ق ص ع ق م ر ق س ص اف ہ ن ف ص ص ی ف ر ہ ف ر ص ق ط ر ل ق ح
ح ک ق ق ل ص ر ع ط ق ق م ص ر ر ق ف س ہ ص ر اف ف ی ہ ص ن ص ف
ف ح ص ک ن ق ص ق ہ ل ی ص ف ر ف ع ا ط ر ق ص ق ہ م س ص ف ر ق ر
ف ق ح ر ص ف ک ص ن س ق م ص ہ ق ق ہ ص ل ق ی ر ص ط ف ا ر ع ف
ف ر ع ف ر ق ا ح ف ر ط ص ص ف ر ک ی ص ق ن ل س ص ق ہ م ق ص ق ہ
ہ ف ق ر ص ع ق ف م ر ہ ق ق ا ص ح س ف ل ر ن ط ق ص ص ص ی ف ک ر
ر ہ ک ف ف ق ی ر ص ص ص ع ص ق ق ف ط م ن ر ر ہ ل ق ف ق س ا ح ص
ص ر ح ہ ا ک س ف ق ف ف ق ق ی ل ر ہ ص ر ص ر ص ن ع م ص ط ق ف ق
ق ص ف ر ق ح ط ہ ص ا م ک ع س ن ف ص ق ر ف ص ف ر ق ص ق ہ ی ر ل
ل ق ر ص ی ف ہ ر ق ق ص ح ق ط ر ہ ف ص ص اف م ر ک ق ع ص س ف ن
ن ل ف ق س ر ص ص ع ی ق ف ک ہ ر ر م ق ف ق ا ص ص ح ص ق ف ط ہ ر
ر ن ہ ل ط ف ف ق ق س ص ر ح ص ص ص ص ع ا ی ق ف ف ق ک م ہ ر ر
ر ر ر ن ہ ہ م ل ک ط ق ف ف ف ف ق ق ق ق س ی ص ا ر ع ح ص ص ص ص
ص ر ص ر ص ر ص ن ح ہ ع ہ ر م ال ص ک ی ط س ق ق ف ق ف ق ف ق ف
ف ص ق ر ف ص ق ر ف ص ق ر ف ص ق ن ق ح س ہ ط ع ی ہ ک ر ص م ل ا
اف ل ص م ق ص ر ر ف ک ص ہ ق ی ر ع ف ط ص ہ ق س ر ح ف ق ص ن ق

چال و نقش زہرہ

ذیل میں زہرہ کے نقش و چال کے فوراً بعد اس کی تکسیر دیکھیں۔

چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم					
یا اللہ	ف ص ق ر				یا اللہ
ف	۱۷۹۴۱	۸۲۷۱۷	۸۳۴۱۷	۸۳۸۱۷	ف
ص	۸۳۳۱۷	۸۳۹۱۷	۸۴۰۱۷	۸۲۸۱۷	ص
ق	۸۳۶۱۷	۸۳۲۱۷	۸۲۹۱۷	۸۴۳۱۷	ق
ر	۸۳۰۱۷	۸۴۲۱۷	۸۳۷۱۷	۸۳۱۱۷	ر
یا اللہ	ف ص ق ر				یا اللہ

امراض رحم و حمل

اوج زہرہ کے حوالے سے ایک عمل تحریر کر رہا ہوں یہ صرف خواتین اور ان کے امراض خصوصی سے متعلق ہے۔ رحم کی کوئی تکلیف ہو یا حمل کی حفاظت درکار ہو یا حمل ضائع ہو جاتا ہو تو وقت سعد پر درج ذیل طریق سے نقش تیار کر کے متعلقہ سائل کو دیں۔ انشاء اللہ بہتری ہوگی۔ زہرہ کو برج جوزا کے ۲۲ درجے پر اوج ہوتا ہے۔

حرف ''الف،، کے حوالے سے دو اسماء الٰہی ''اللہ،، اور ''آخر،، کو لیں گے۔ ان کے علاوہ دو اور اسماء الٰہی ''خالق،، اور ''معبود،، بھی استعمال ہوں گے۔ یہ دونوں اسماء الٰہی بالترتیب نسوانی امراض اور اولاد کے لئے مجرب ہیں۔ ان سب کے اعداد لے لیں۔ نقش نمبر ۱۰۳ بہ رفتار مخمس تحریر کریں۔ اعداد ان تمام اسماء الٰہی کے یوں ہوئے۔

اللہ	۶۶
آخر	۸۰۱
خالق	۷۳۱
معبود	۳۳۶
میزان	۱۹۳۴

چال

۹	۲۱	۱۳	۵	۱۷
۳	۲۰	۷	۲۴	۱۱
۲۲	۱۴	۱	۱۸	۱۰
۱۶	۸	۲۵	۱۲	۴
۱۵	۲	۱۹	۶	۲۳

نقش

۳۸۳	۳۹۵	۳۸۷	۳۷۸	۳۹۱
۳۷۶	۳۹۴	۳۸۱	۳۹۸	۳۸۵
۳۹۶	۳۸۸	۳۷۴	۳۹۲	۳۸۴

۳۹۰	۳۸۲	۳۹۹	۳۸۶	۳۷۷
۳۸۹	۳۷۵	۳۹۳	۳۸۰	۳۹۷

زیادہ بہتر تو یہ ہے کہ اس نقش کو ہرن کی کھال پر تحریر کریں۔ بشرطیکہ مکمل یقین ہو کہ کھال ہرن کی ہے۔ کسی خرگوش یا کتے کی نہیں۔ دوسری صورت میں چاندی پر نقش کر کے گلے میں ڈال لیں بازو پر باندھ لیں یا کمر پر۔ اس کے ساتھ ساتھ اسماء الٰہی کا ورد اپنے نام کے اعداد کے حساب سے روزانہ کریں۔ انشاء اللہ حصول مراد ہوگی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے کہ دعا میں جلدی نہیں کرنی چاہیے۔ دراصل اس سے مراد انسانی نفس کا دعا مانگنے سے جلد اکتا جانا ہے اور یہ خیال کرنا ہے کہ اللہ نے اس کی دعا سنی ہی نہیں یا متعلقہ عمل میں اثر نہیں ہے۔ بس اس بات سے پرہیز کریں۔ دعا تو اسی وقت مقبولیت حاصل کر لیتی ہے جب وہ کسی مخلص دل سے نکلتی ہے۔ اس کے عملی طور پر ظہور میں آنے کا وقت ذات الٰہی کی اپنی مرضی پر منحصر ہے۔ آج دیتا ہے، کل یا آخری جہاں میں۔ آپ کا میرا کام مانگنا ہے (ذات الٰہی سے) سو ان دونوں جہانوں کے رب کے دربار میں عاجزی اور یقین محکم کے ساتھ حاضر رہیں۔ باقی کام اس رب کا ہے۔

ساعت عمل

بالحاظ اصول جس کو کب کا شرف یا اوج ہو اس کی ہی ساعت میں عمل تیار کرنا مفید ہوتا ہے تاہم اگر نجوم کی سمجھ ہو تو دیگر ساعتوں میں بھی کام کیا جا سکتا ہے۔ تاہم متعلقہ کوکب کی ساعت میں کام کرنا آسان اور محفوظ راستہ ہے۔

بخور و خوشبو

گلاب، نسرین، عود، عطر، چنبیلی، صندل سرخ، زعفران، مشک وغیرہ میں سے کچھ اشیاء اپنی مالی حالت یا عمل کی مناسبت سے دوران عمل بطور بخور جلاتے رہیں اور ان میں سے ہی کسی شہ کا عطر لوح یا نقش جو بھی تیار کریں، اس کو لگائے یا ذاتی استعمال یا کپڑوں وغیرہ کو لگانے کے لیے کر سکتے ہیں۔

سیاہی

کاغذ پر نقش تحریر کرنے کے لیے زعفران کو پانی یا آب زم زم میں ملا کر زعفرانی سیاہی بنا لیں۔ کوشش سے کسی قابل اعتماد فرد سے زعفران لیں، آج کل دو نمبر کا زعفران دکان داروں نے رکھا ہوتا ہے۔ کبھی یہ سستا ہوتا تھا اب مہنگا ہونے کی وجہ سے فساد پیدا ہو گیا ہے۔

ذکر

جو بھی نقش یا لوح تیار کریں اس کے ساتھ تحریر اسماء الحسنیٰ کا ذکر گیارہ تسبیحوں کی تعداد میں کم سے کم سات دن تکمیل نقش کے لیے کریں۔ یہ صرف عمل کا ذکر ہے، عمومی ذکر کے لیے یہی ورد چالیس دن تک بھی کیا جا سکتا ہے۔

صدقہ

زہرہ کے حوالے سے جن اشیاء کو بطور صدقہ دیا جانا چاہیے ان میں زردہ، چاول، چاروں مغز، سرخ رنگ کا کپڑا، چنے کی دل کا حلوہ، مادہ پرندہ یا جانور، کافور، ریشمی سرخ کپڑا، زعفران وغیرہ شامل ہیں۔ عمل کی تیاری میں صدقات کا بندوبست کرنا امر لازم ہے۔

نوٹ: کامیابی اور ناکامی اللہ کی مرضی پر ہے۔ آپ کا میرا کام دستیاب وسائل اور معاملات کے ساتھ بہترین طریق پر کام کرتا ہے اور بس۔ سو بعد از عمل اللہ تعالیٰ سے خلوص قلب کے ساتھ دعا کریں کہ وہ آپ کو اُس مقصد میں کامیاب کرے جس کے لیے آپ نے عمل تیار کیا ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ راہنمائے عملیات کے تمام قارئین کی حاجتیں پوری کرے۔ آمین۔

❁❁❁

طلسمی جواہرات

علم جواہرات کے موضوع پر ایک ایسی کتاب ہے جس کا مطالعہ آپ کو درست جواہر کے انتخاب میں ماہر بنا دے گا۔ جواہر کے انتخاب، ان کے خواص، سحری اثرات، مختلف امراض میں موثر جواہر، صحت، نوکری اور دیگر امور میں مفید جواہر کا بیان، جواہر کی پاکیزگی، اصل نقل کی پہچان اور لاتعداد موضوعات۔

قاعدہ اربعہ عناصر اور عربی حروف

تحریر: فضل محمود نقاش، ترنڈہ محمد پناہ۔

حروف کی باہمی دوستی، دشمنی یا موافقت و ناموافقت جاننے کا اربعہ عنصری قاعدہ جو عاملین حضرات کا عملیات وتعویذات میں اور ماہرین اعداد کا اعداد اور حروف کے چناؤ میں مدد دینے والے چند قواعد۔

پیارے قارئین کرام! السلام علیکم۔ اس احقر العباد فقیر فضل محمود نقاش سے مہمند ایجنسی کے جناب سعد اللہ خان پٹھان نے افغانستان کی سرحد کے قریب سے فون پر پوچھا (نخاس صاحب) آپ مجھے حروف کی دوستی و دشمنی کا قاعدہ سمجھائیں۔ نخاس صاحب دراصل نقاش صاحب کا پشتو لہجہ ہے۔ کیونکہ پختون لوگ پشاور کو پخاور بولتے ہیں۔ جناب سعد اللہ خان صاحب کو علم جفر سے زیادہ اس کی دوسری شاخ علم الاعداد سے شغف زیادہ معلوم ہو رہا تھا۔ چنانچہ آپ علم الجفر کی زبان میں علم الاعداد کے لہجے میں سمجھنا چاہتے تھے۔ چونکہ سعد اللہ خاں صاحب 28 جنوری، 1968ء بروز اتوار بوقت 15 بجے پشاور میں پیدا ہوئے تھے۔ چنانچہ وہ کچھ اپنے برج کے تحت زحل کی سعادت ونحوست کے بارے میں جاننا چاہتے تھے۔ علم الاعداد میں اعداد (802) کی ماہیت، خاصیت اور ان کی سعادت ونحوست کے بارے میں بھی کچھ جاننا چاہتے تھے۔ خان صاحب کو بتایا کہ آپ کا پیدائشی برج سرطان ہے۔ جس کا 0 درجہ طلوع تھا۔ جس کا حاکم قمر برج جدی کے 10 درجہ 2 دقیقہ 24 ثانیہ سے آگے سفر کر چکا تھا اور زحل، برج حمل کے 7 درجہ 46 دقیقہ 48 ثانیہ طے کر چکا تھا۔ باقی رہا عدد (8،6) کی سعادت یا نحوست تو جاننا چاہیے کہ یہ قمر اور زحل سے منسوب تو ہیں مگر عدد (6) اسم محمد اور اسم علی کا عدد ہے۔ جبکہ عدد (8) اسم احمد اور اسم محمود کا عدد ہے۔ کوئی بد باطن، بد بخت اور یہودی ان اعداد کو منحوس قرار دے گا۔ اس کے بعد خان صاحب سارا علم نجوم اور علم اعداد پڑھنا اور جاننا چاہتے تھے۔ گویا آپ بذریعہ موبائل فون سب کچھ سیکھنا چاہتے تھے۔ انہوں نے مجھے فارغ البال سمجھ لیا تھا۔ یا بالکل نکما آدمی سمجھ لیا تھا کہ مجھے دنیا جہان کا کوئی کام نہیں ہے۔ ماسوائے سعد اللہ خان کو علم الاعداد والجفر سکھانے اور سمجھانے کے اور وہ بھی بذریعہ موبائل فون۔ گویا میں نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا درس دینا شروع کر دیا ہو۔

جناب سعد اللہ خاں صاحب میری مصروفیت یا دن بھر کی تھکاوٹ کا مطلق خیال نہ کیا بلکہ مغرب ہوتے ہی ان کا فون آجاتا تھا۔ پھر بلا وقف درس شروع ہو جاتا تھا۔ ایک شام کو میں بہاولپور سے گھر آیا اور تھکاوٹ سے نیند آگئی اس دوران خان صاحب کا فون آیا جسے میں نہ سن سکا تو خان صاحب کو ناگوار گزری اور ناراض ہو کر ایک میسج بھیج دیا کہ (نقاش صاحب آپ کا دل چھوٹا ہے) اس کے بعد واقعی میرا دل خان صاحب کے لیے چھوٹا ہو گیا۔ کیونکہ مجھے ان کا یہ فقرہ میرے دل کو اچھا نہیں لگا۔ یا یہ فقرہ میرے دل سے بڑا تھا۔ اور اس فقرے کے مقابل میرا دل واقعی چھوٹا تھا۔ اب چھوٹے دل سے سب قارئین کرام کے لیے لکھ رہا ہوں۔ تاکہ دل بڑا ہو جائے۔ شاید سب کو فائدہ ہو یا میری اصلاح ہو سکے۔

پیارے قارئین کرام! علم الجفر میں عربی قاعدہ میں 28 حروف کام آتے ہیں۔ یہ عربی حروف عبرانی حروف کی ترتیب پر کام آتے ہیں۔ جو کہ بالکل قدیم قاعدہ ہے۔ عبرانی قوم اور یہودی لوگ اسی قاعدہ پر عملیات اور نقوش یا تعویذات تیار کرتے تھے۔ ان حروف کا قاعدہ اربعہ عنصری یوں تحریر کیا جاتا ہے۔ جسے جمل کبیر قمری بھی کہا جاتا ہے۔ جس سے استخراج اعداد کیے جاتے ہیں۔

آتشی حروف	ا	ھ	ط	م	ف	ش	ذ
	۱	۵	۹	۴۰	۸۰	۳۰۰	۷۰۰
بادی حروف	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
	۲	۶	۱۰	۵۰	۹۰	۴۰۰	۸۰۰
آبی حروف	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ
	۳	۷	۲۰	۶۰	۱۰۰	۵۰۰	۹۰۰
خاکی حروف	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ
	۴	۸	۳۰	۷۰	۲۰۰	۶۰۰	۱۰۰۰

اس جدول میں اربعہ عنصری حروفی تقسیم ظاہر کی گئی ہے۔ جس سے حروف کی دوستی یا دشمنی دریافت کی جاتی ہے۔ چنانچہ آتشی حروف کے بادی حروف دوست ہیں۔ آبی حروف مخالف ہیں اور خاکی حروف نہ دوست ہیں اور نہ دشمن ہیں۔ یا دوست بھی ہیں اور دشمن بھی ہیں۔ یعنی یہ مساوی اور مصادق حروف ہیں۔ یہی تین حالتیں ہوتی ہیں۔ بادی حروف کے آتشی حروف دوست ہیں۔ خاکی حروف دشمن ہیں۔ آبی حروف دوست و دشمن کے لحاظ سے مساوی ہیں۔ آبی حروف کے آتشی حروف دشمن ہیں۔ خاکی حروف دوست ہیں۔ بادی حروف مساوی و مصادق ہیں۔ خاکی حروف کے آبی حروف

دوست ہیں۔ بادی حروف دشمن ہیں۔ خاکی کے آتشی حروف برابر و مصادق ہیں۔ چنانچہ جاننا چاہیے کہ برابر، مساوی اور مصادق مترادف الفاظ ہیں۔ نہ دوست اور نہ دشمن یا دوست بھی اور دشمن بھی مراد لیے جاتے ہیں۔ یا مراد لیے جاسکتے ہیں۔ یعنی مصادق / مساوی حروف اگر دوست ہیں تو یہ کبھی دشمن بن سکتے ہیں اور اگر دشمن ہیں تو یہ کبھی دوست بن سکتے ہیں۔ یعنی کہ یہ نہ مستقل دوست ہیں اور نہ مستقل دشمن ہیں۔ حالات و واقعات کے تحت دوستی یا دشمنی کا عنصر پایا جاتا ہے۔ چنانچہ آپ کے لیے حروف کی اربعہ عنصری دوستی دشمنی کا تصور اس طرح ہے کہ حرف (ا) کا حرف (ب) دوست ہے اور حرف (ج) دشمن ہے اور حرف (د) مصادق ہے۔ اور اگر ان کو الٹ کر دیکھیں تو حرف (د) کا حرف (ج) دوست ہے۔ حرف (ب) دشمن ہے۔ اور حرف (ا) مساوی و مصادق ہے۔ گویا حروف (ا، ب) باہم دوست ہیں اور حروف (ج، د) باہم دوست ہیں۔ اسی دوستی میں یہ حروف ابجد شمار ہوتے ہیں۔ حروف (ا، ج) باہم دشمن ہیں اور حروف (ب، د) باہم دشمن ہیں۔ حروف (ا، د) اور حروف (ب، ج) باہم مصادق ہیں۔ اسی قاعدہ پر باقی حروف کو قیاس فرمالیں۔ عام طور پر عامل حضرات اسی قاعدہ پر شادی و نکاح کے لیے عمل کرتے ہیں۔

حروف کی دوستی و دشمنی جاننے کا دوسرا قاعدہ:۔

اس قاعدہ میں حروف کی دوستی و دشمنی کی اساس حروف کی سیارگان سے منسوبی پر ہے اور قدیم فلکیات کے مطابق ہے۔ جدید فلکیات میں یہ قاعدہ غلط ہے یا قابل اصلاح ہے۔ قدیم فلکیات میں مرکز کائنات زمین (ارض) ہے۔ جس کے گرد کواکب کی گردش یہ جدول کے مطابق سمجھی جاتی تھی۔ چنانچہ اس تصور کائنات کے مطابق جدول مرتب کیا گیا تھا۔ جدید فلکیات میں ارض کی جگہ شمس کو مرکز رکھا گیا ہے۔ مگر قمر کواکب کی فہرست سے خارج ہے۔ کیونکہ سیارچہ تسلیم کیا گیا ہے۔ قمر زمین کے گرد گھومتا ہے۔ باقی کواکب سورج کے گرد گھومتے ہیں۔ یہی اصلاح ہوگی۔

عناصر اور کواکب	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
آتشی حروف	ا	ھ	ط	م	ف	ش	ذ
بادی حروف	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
آبی حروف	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ
خاکی حروف	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ

زحل کے حروف سے زہرہ اور عطارد کے حروف دوستی رکھتے ہیں۔ مریخ، شمس اور قمر کے حروف دشمن ہیں۔ مشتری کے حروف مساوی ہیں۔ یعنی نہ دوست ہیں اور نہ دشمن ہیں۔

مشتری کے حروف سے شمس، مریخ اور قمر کے حروف دوستی رکھتے ہیں۔ زہرہ اور عطارد کے حروف دشمن ہیں۔ زحل کے حروف مساوی ہیں۔

مریخ کے حروف سے مشتری، شمس اور قمر کے حروف دوست ہیں۔ صرف عطارد کے حروف مساوی و مصادق ہیں۔

شمس کے حروف سے مشتری، مریخ اور قمر کے حروف دوستی رکھتے ہیں۔ زحل اور زہرہ کے حروف دشمن ہیں۔ صرف عطارد کے حروف مساوی ہیں۔

زہرہ کے حروف سے زحل اور عطارد کے حروف دوستی رکھتے ہیں۔ شمس و قمر کے حروف دشمنی رکھتے ہیں۔ مشتری اور مریخ کے حروف مساوی و مصادق۔

عطارد کے حروف سے شمس اور زہرہ کے حروف کی دوستی ہے۔ قمر کے حروف دشمنی خاص رکھتے ہیں۔ زحل، مشتری اور مریخ کے حروف مساوی اور مصادق ہیں۔

قمر کے حروف سے شمس اور عطارد کے حروف دوست ہیں۔ جبکہ زحل، مشتری، مریخ اور زہرہ کے حروف مساوی اور مصادق حروف ہیں۔ ان کا کوئی حرف یا حروف دشمن نہیں ہیں۔

اگر آپ اس قاعدہ حروف منسوب کواکب کو زائچہ کے بیوت سے منسوب کر کے دیکھا جائے تو یہ قاعدہ بطریق احسن و بخوبی سمجھ میں آتا ہے۔

حروف کی دوستی و دشمنی جاننے کا تیسرا قاعدہ:۔

آپ اس قاعدہ کو زائچہ کے یمین و یسار طریقے سے دیکھ سکتے ہیں۔ یعنی طالع سے وتد الارض کی سمت سے اور طالع سے وتد السماء کی سمت سے دیکھ سکتے ہیں۔ دونوں طرح سے مساوی ہے۔

عناصر اور زائچہ	طالع ۰۰	مقارضہ ۳۰	تسدیس ۶۰	تربیع ۹۰	تثلیث ۱۲۰	ساقط ۱۵۰	مقابلہ ۱۸۰
آتشی حروف	ا	ھ	ط	م	ف	ش	ذ
بادی حروف	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
آبی حروف	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ
خاکی حروف	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ

آپ اس قاعدہ کو اس طرح استعمال کریں کہ حرف (ا) جو کہ طالع لکھا گیا ہے۔ اس سے اگلا حرف (ھ) مقارضہ کے تحت ہے۔ طالع کا حرف مقارضہ کے حرف کو نہیں دیکھ سکتا۔ یا نہیں دیکھ رہا ہے۔ گویا یہ دونوں حروف باہم دوستی یا دشمنی کے تحت مساوی ہین۔ دوستی ہے یا دشمنی ہے کوئی پتہ نہیں چل رہا کہ یہ باہم دوست ہیں یا دشمن ہیں۔ تسدیس کے حروف طالع کے حروف سے بظاہر دوست ہیں۔ مگر باطن اس میں دشمنی موجود ہے۔ طالع کے حروف سے تربیع کے حروف دشمنی رکھتے ہیں۔ دوستی کے بارے میں کم سوچا جائے۔ طالع کے حروف سے تثلیث کے حروف کامل دوستی رکھتے ہیں۔ دشمنی کے بارے میں بالکل نہ سوچا جائے۔ طالع کے حروف سے ساقط کے حروف دوستی در پردہ یا خفیہ رکھتے ہیں۔ یہ اظہار دوستی کرنے سے قاصر ہیں۔ با امر مجبوری دشمنی کا اظہار کر سکتے ہیں۔ دیگر صورت یہ لاتعلق حروف ہوتے ہیں۔ تابع بھی ہو سکتے ہیں۔ بے فیضی دوستی اور بے ضرر دشمنی ہوتی ہے۔

طالع کے حروف سے مقابلہ کے حروف مدمقابل کے حروف ہیں۔ ہم جنس کے لیے باعث دشمنی اور مخالفت ہے۔ جبکہ جنس مخالف کے لیے باعث دوستی و کشش ہے اور موافقت ہے۔ اگر اربعہ عنصری قاعدہ سے دیکھیں تو ترتیع بالکل دشمن عنصر ہے اور مقابلہ بالکل موافق عنصر کا ہوتا ہے۔ یعنی آتشی کا بادی ہے۔ بادی کا آتشی ہے۔ آبی کا خاکی ہے اور خاکی کا آبی عنصر ہوتا ہے۔ بلحاظ عنصر طالع عنصر مقابلہ سے مکمل موافقت ہوتی ہے۔ چنانچہ یہ قاعدہ مرد اور عورت کے لیے بالکل موزوں ہے اور عورت کا مرد کے لیے بالکل درست قاعدہ ہے۔

حروف کی دوستی و دشمنی جاننے کا چوتھا قاعدہ:۔

اربعہ عناصر سے منسوب بروج کے لحاظ سے چار حروف اور چار بروج کا فاصلہ ہے۔ اس قاعدہ میں بروج کے در پردہ کواکب چھپے ہوئے ہیں۔ جن سے حروف منسوب کیے گئے ہیں۔

آتشی حروف	حمل	اسد	قوس	ا	ھ	ط	م	ف	ش	ذ
بادی حروف	جوزا	میزان	دلو	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
آبی حروف	سرطان	عقرب	حوت	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ
خاکی حروف	ثور	سنبلہ	جدی	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ

چنانچہ آتشی حروف مریخ، شمس اور مشتری کے تابع ہیں۔ بادی حروف عطارد، زہرہ اور زحل کے تابع ہیں۔ آبی حروف قمر، مریخ اور مشتری کے تابع ہیں۔ خاکی حروف زہرہ، عطارد اور زحل کے تابع ہیں۔ آتشی حروف برہمن کی طرح ہیں۔ بادی حروف کھشتری کی طرح ہیں۔ آبی حروف ویش کی طرح ہیں۔ اور خاکی حروف شودر کی طرح ہیں۔ آتشی اور بادی حروف اعلیٰ ہیں۔ جبکہ آبی اور خاکی حروف ادنیٰ ہیں۔ اس قاعدہ میں اعلیٰ عناصر آتش اور آب ہو گئے۔ ان میں آتش اعلیٰ اور آب ادنیٰ ہو گیا۔ اسی طرح باد اور خاک ادنیٰ ہو گئے۔ ان میں باد اعلیٰ اور خاک ادنیٰ ہو گئے۔ حالانکہ آتش و باد اعلیٰ عناصر اور لطیف عناصر ہیں۔ جبکہ آب و خاک ادنیٰ عناصر اور کثیف عناصر ہیں۔ جدید سائنسی دور میں آتش کو عنصر شمار نہیں کرتے بلکہ یہ ایک قوت ہے۔ جس سے حرارت اور روشنی پیدا ہوتی ہے۔ آتش اپنی گرمی و حرارت باد، آب اور خاک میں منتقل کر کے گرم کر دیتی ہے۔ اور آب اپنی سردی و برودت باد، آب اور خاک میں منتقل کر دیتی ہے۔ باد گرم ہو جائے تو اس میں آب کم ہو جاتی ہے اور اگر سرد ہو جائے تو اس میں آب زیادہ ہو جاتی ہے۔ اسی طرح خاک گرم ہو جائے تو اس میں آب کم ہو کر خشکی آجاتی ہے اور اگر سرد ہو جائے تو اس میں آب زیادہ ہو کر تری آجاتی ہے۔

آتشی حروف اور آبی حروف میں شمس و قمر کا فرق ہے۔ آتشی حروف شمسی ہیں اور آبی حروف قمری ہیں۔ باقی باد و خاک ایک جیسے ہیں۔ اس قاعدہ کو سمجھنے کے لیے نجوم سے واقفیت کا ہونا ضروری ہے۔ ورنہ یہ بات سمجھ میں نہ آئے گی۔ اس قاعدہ میں حروف کو بروج کے تابع کر کے دوستی و دشمنی یا مساوی کی نظر سے دیکھا جائے گا۔ آتشی حروف مین برج حمل، بادی حروف میں برج میزان، آبی حروف میں برج وسرطان اور خاکی حروف میں برج جدی کو بڑی اہمیت ہے۔ برج حمل مشرق سے ہے۔ شمس کو شرف ہے۔ برج میزان کو مغرب سے نسبت ہے۔ اس میں زحل کو شرف ہے۔ برج سرطان شمال سے ہے۔ اس میں مشتری کو شرف ہے اور برج جدی کو جنوب سے منسوب کیا جاتا ہے۔ اس میں مریخ کو شرف حاصل ہوتا ہے۔ آپ اس بات کو اس طرح سمجھنے کی کوشش کریں کہ شرف اشراف کے چاروں اوتادوں میں حروف کس طرح منسوب کریں۔ اوتاد منقلب بروج پر مشتمل ہیں۔ ان شرف پانے والے کواکب شمس سے مابعد ہیں۔ یعنی شمس، مریخ، مشتری اور زحل وغیرہ اوتادوں کے حاکم مریخ، قمر، زہرہ اور زحل ہیں۔ جبکہ اوتادوں میں شرف شمس، مریخ، مشتری اور زحل کو ہوتے ہیں۔ ہفت کواکب میں صرف عطارد بچ جاتا ہے۔ قمر اور زہرہ تحت الشمس کواکب ہیں۔ یہ اوتادوں میں شرف نہیں پاتے۔ انقلابی بروج/منقلب بروج میں بڑی قوت موجود ہوتی ہے۔

چنانچہ آتشی حروف نقطہ اعتدال ربیع برج حمل سے شروع ہوتے ہیں۔ بادی حروف اعتدال خریف برج میزان سے شروع ہوتے ہیں۔ آبی حروف انقلاب صیفی برج سرطان سے شروع ہوتے ہیں اور خاکی حروف انقلاب شتائی برج جدی سے شروع ہوتے ہیں۔ چنانچہ عربی کے 28 حروف میں چار الف (اااا) موجود ہیں۔ جو کہ (ا، ی، ق، غ) کی شکل میں ہیں۔ لیکن علم الاعداد والے مفرد عدد میں لیتے ہیں۔ اس لیے چار الف یا چار ایک شمار کرتے ہیں۔ یہ چار الف یا چار ایک چاروں موسموں کے مطابق ہیں۔ چاروں اخلاط اور چاروں طبقات کے مطابق ہیں۔ آپ ان چاروں حروف (ا ی ق غ) کو دیکھیں تو پہلا حرف آتشی ہے۔ دوسرا حروف بادی ہے۔ تیسرا حرف آبی ہے اور چوتھا حرف خاکی ہے۔ اور یہ چاروں حروف عدد ایک کے ماتحت ہیں۔ دیکھیے ذیل کے جدول میں۔

آتشی حروف	مشرق	حمل مریخ	شمس	۱۱	ھ ۵	ط ۹	م ۴	ف ۸	ش ۳	ذ ۷
بادی حروف	مغرب	میزان زہرہ	زحل	ب ۲	و ۶	ی ۱	ن ۵	ص ۹	ت ۴	ض ۸
آبی حروف	شمال	سرطان قمر	مشتری	ج ۳	ز ۷	ک ۲	س ۶	ق ۱	ث ۵	ظ ۹
خاکی حروف	جنوب	جدی زحل	مریخ	د ۴	ح ۸	ل ۳	ع ۷	ر ۲	خ ۶	غ ۱

برج حمل کا مالک مریخ ہے اور برج جدی کا مالک زحل ہے برج میزان اور برج سرطان کے حاکم شرف اوتادی بروج میں نہیں ہوتے۔ برج حمل کا حاکم مریخ برج جدی میں شرف پاتا ہے اور برج جدی کا حاکم زحل برج میزان میں شرف پاتا ہے۔ صرف سرطان بچ جاتا ہے جس میں مشتری کو شرف ہوتا ہے۔ چنانچہ اگر آپ عدد ایک کو شمس سے منسوب کر دیں تو ایک کا عدد برج حمل میں شرف پائے گا۔ برج میزان میں ہبوط کی حالت میں ہے۔ برج سرطان میں اوج ہوتا ہے۔ اور برج جدی میں حضیض ہوتا ہے۔ زحل جدی میں حاکم ہے۔ حمل میں ہبوط ہے۔ سرطان میں وبال ہے اور میزان میں شرف ہے۔ مشتری حمل میں حضیض ہے۔ میزان میں اوج ہے۔ سرطان میں شرف ہے۔ اور جدی میں ہبوط ہے۔ مریخ حمل

کا حاکم ہے۔ میزان میں وبال ہے۔ سرطان میں ہبوط ہے اور جدی میں شرف ہے۔ اس طرح چاروں الف (۱۱۱۱) کی حالت سمجھ میں آگئی ہوگی۔

اس طرح آپ دیکھیں گے کہ آتش میں (۲،۶) کا عدد نہیں ہے۔ باد میں (۳،۷) نہیں ہے۔ آب میں (۴،۸) نہیں ہے اور خاک میں (۵،۹) کے اعداد نہیں ہیں۔ اور اگر حرف (الف) کے اعداد جمل کبیر یعنی ابجد قمری میں لیں تو اس کے اعداد (111) بنتے ہیں۔ جن کا استنطاق عدد تین (۳) ہے۔ جو کہ منقلب ثابت اور ذوجسدین کی طرف اشارہ ہے۔ یا پھر اسے موافق، مخالف اور مصادق کی علامت سمجھا جائے۔ جسے آپ دوست، دشمن اور منافق کہہ سکتے ہیں۔ آپ اس مذکورہ قاعدہ کو درج ذیل جدول کے مطابق دیکھنے کی کوشش نہ کریں۔ کیونکہ اس میں حروف کا اربعہ عنصری قاعدہ موجود نہ ہے۔ البتہ یہ علم الاعداد یعنی حروف کے مفرد اعداد کا جدول ہے۔ جس کا اربعہ عنصری قاعدہ سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہے۔

جدول علم الاعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
آتشی الف = الف	ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط
بادی الف = یاء	ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص
آبی الف = قاف	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ
خاکی الف = غین	غ								

پیارے قارئین کرام! عامل جفار حضرات یا ماہرین علم الاعداد اور ماہرین حروف اس طرح کام کرتے ہیں کہ کسی دو افراد کے درمیان دوستی یا دشمنی کو دیکھنا چاہتے ہیں تو نام کے سرحروف کو دیکھتے ہیں کہ سرحرف کس عنصر سے تعلق رکھتے ہیں۔ چنانچہ اربعہ عنصری قاعدہ کے مطابق وہ موافقت یا فی لغت کا حکم لگاتے ہیں۔ جیسا کہ سعد اللہ کا سرحرف (س) اور فضل محمود کا سرحرف (ف) کو دیکھیں تو آبی اور آتشی عناصر استخراج ہوتے ہیں۔ حکم لگایا گیا کہ دوستی نہ ہے، دشمنی ہے۔ یا سعد اللہ کے لیے فضل محمود موافق نہ ہے۔ بلکہ مخالف ہے۔ یہ قاعدہ اکثر اوقات مفید اور کار آمد ثابت نہیں ہوتا۔ چنانچہ پھر جفار حضرات ناموں کے اعداد جمل کبیر کے مطابق استخراج کر کے چار پر (اربعہ عناصر) پر الگ الگ تقسیم کر کے دیکھتے ہیں۔ ان کے عناصر کے درمیان موافقت ہے یا مخالفت ہے، یا مصادقت ہے۔ اگر اسی قاعدہ میں کچھ فرق نظر آئے یا سائل اتفاق نہ کر رہا ہو تو نام فریقین معہ نام والدہ کے اعداد قمری جمل کبیر استخراج کر کے چہارگانہ (اربعہ عنصری) پر تقسیم کر کے اربعہ عنصری قاعدہ پر عمل کیا جاتا ہے۔ خاص طور شادی بیاہ کے لیے مرد اور عورت کی موافقت اور ناموافقت کو اسی قاعدہ سے دیکھا جاتا ہے بہت قلیل وقتوں میں دو مردوں کی موافقت یا عدم موافقت دیکھی جاتی ہے۔ عورتوں کی باہمی موافقت یا ناموافقت کے لیے بہت کم پوچھا جاتا ہے۔ لیکن یہ قاعدے اس حد تک ناقص اور نامکمل ہیں۔ کیونکہ بسا اوقات جواب حالات حاضرہ کے مطابق نہیں ہوتے۔ عامل جفار اور ماہر اعداد بتاتا ہے کہ ان دو کے درمیان موافقت نہ ہے۔ جبکہ حالات حاضرہ کے مطابق وہ دو مذکورہ و یا سوال علیھان کے درمیان کافی موافقت ہوتی ہے۔ اور بعض اوقات موافقت بتائی جاتی ہے جبکہ حالات برعکس اور مغکر میں ہوتے ہیں۔

چنانچہ اس مضمون میں چہارگانہ کا قاعدہ بھی بتایا گیا ہے۔ پھر دوسرا قاعدہ ہفت گانہ بھی بتایا گیا ہے۔ لیکن ان دونوں قواعد کے ساتھ بالغ قاعدہ یہ ہے کہ نام فریقین کو الگ الگ اعداد جمل کبیر قمری میں تحویل کر کے اٹھائیس (28) گانہ کرو/ تقسیم کرو۔ یہ قاعدہ چہارگانہ اربعہ عنصری اور ہفت گانہ ہفت کواکب کے امتزاج سے ہے۔ جس میں 28 منازل قمری بھی شمار ہو جاتے ہیں۔ جو بارہ بروج کے اندر ہیں۔ اس قاعدہ میں عنصر کے لیے موافق یا مخالف عنصر کا حروف چنانچہ زیادہ آسان اور مفید ہوتا ہے۔ بلکہ بالکل صحیح اور درست ہوتا ہے۔ چنانچہ مرد و فریق (فریقین) کے اعداد کو 28 پر تقسیم کر کے دیکھیں۔ باقی ماندہ اعداد کو حروف کے مرتبہ پر رکھ کر پھر اربعہ عنصری انداز میں موافقت یا ناموافقت کا حکم لگایا جائے۔ اگر دونوں فریقین کے باقی ماندہ اعداد کے حروف آتشی ہیں تو محبت شدید ہوگی۔ چنانچہ جب باہم لڑیں گے تو شدت کے ساتھ لڑیں گے۔ اگر وہ اپنی انانیت پر قائم ہو گئے تو جدائی بھی جلد ہو جاتی ہے اور اگر فریقین کے باقی ماندہ حروف بادی ہیں تو وہ اپنی محبت یا عداوت پر قائم نہیں رہ سکتے۔ گاہے صلح اور گاہے فساد ہوگا۔ ان دونوں کا محاورہ کے طور پر گویا کوئی دین ایمان نہیں ہوتا۔ یعنی وہ اپنی بات پر قائم نہیں رہ سکتے۔ فساد کے بعد جلد صلح کر لیتے ہیں۔ کسی ثالث کی ضرورت نہیں پڑتی۔ اگر دونوں فریقین کے باقی ماندہ حروف آبی ہیں تو ان کے درمیان پیار و محبت بدرجہ اتم ہوتی ہے۔ مثالی محبت ہوتی ہے۔ یہ فساد کو بالکل برا جانتے اور مانتے ہیں۔ بہت کم ان کے درمیان فساد ہوتا ہے۔ اگر ہوتا ہے تو بدخواہ اور بدگو کی بدگمانی سے ایسا ہوتا ہے۔ ورنہ نہیں ہوتا۔ اور اگر دونوں فریقین کے باقی ماندہ حروف خاکی ہوں تو وہ آپس میں گویا لڑنا جھگڑنا نہیں جانتے اور ان دونوں کو کبھی پیار و محبت کرتے یا پیش آتے لوگ کبھی نہیں دیکھتے۔ اگر آپ 28 گانہ قاعدہ پر عمل کریں تو حروف الف (ا) آتشی کے لیے موزوں حرف صاد (ص) بادی ہے۔ ماہرین اعداد کہتے ہیں کہ عدد ایک اور عدد نو میں محبت کامل ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

آتشی حروف مع عدد مرتبہ	ا	ھ	ط	م	ف	ش	ذ
	۱	۵	۹	۱۳	۱۷	۲۱	۲۵
بادی حروف مع عدد مرتبہ	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
	۲	۶	۱۰	۱۴	۱۸	۲۲	۲۶
آبی حروف مع عدد مرتبہ	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ
	۳	۷	۱۱	۱۵	۱۹	۲۳	۲۷
خاکی حروف مع عدد مرتبہ	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ
	۴	۸	۱۲	۱۶	۲۰	۲۴	۲۸

نوٹ:۔ تمام قارئین کرام کی خدمت میں درخواست ہے کہ اس مضمون کی جہاں جہاں اصلاح کی ضرورت ہے۔ اصلاح فرما دیں شکریہ۔

لوح مریخ و زہرہ

تحریر: قاری محمد یوسف

لوح مریخ

مریخ جو کہ قوت کا نمائندہ ہے ہمت و جرات، قوت، بہادری فتح یابی قوموں کی انجام دہی پر حکمران ہے۔ مریخ کو بڑا بھائی یا عاشق بھی کہا جاتا ہے جس کی زائچے میں کمزور یا متاثرہ ہو مختلف قسم کی خرابیاں لاتا ہے مثلاً بے صبری، جلد بازی، مرگی، جنون، پاگل پن، ہڈیوں کی بیماریاں، گھنٹیا، چوٹیں، حادثے، یا آگ سے نقصان، ہمت کا فقدان، سحر انگیزی، آسیب، نظر بد، وغیرہ ہیں۔ مریخ کی خرابیاں دور کرنے کیلئے عاملین جفر نقوش و الواح وغیرہ سے علاج کرتے ہیں۔ اب ہم یہاں مریخ سے منسوب ایک لوح پیش کر رہے ہیں جو مریخ کی خرابیوں کو دور کرنے کے علاوہ دیگر کاموں میں بھی معاون و مددگار ثابت ہوگی۔

مثلاً قانونی معاملات یا دشمن داری ہو انشاء اللہ یہ فتحیابی لائے گی۔

شرف مریخ 09 مئی 2018 کو ہوگا اس میں مریخ کی ساعتیں کام کی ہونگی اس میں آپ یہ لوح تیار کر سکتے ہیں

بخور قرنفل، لونگ، لال مرچ، تانبے پر یا جھلی اگر دستیاب نہ ہو تو سرخ کاغذ پر تیار کر لیں پھر نو چندی منگل کو صبح 41 مرتبہ ورد کریں 90 روپے کی

۷۸۶

یا فتاح یا عزیز

۳۴۳	۳۱۴	۴۹۲	۱۵۳
۳۱۳	نصر	من اللہ	۴۹۳
۱۵۵	وفتح	قریب	۳۴۱
۴۹۱	۱۵۴	۳۴۲	۳۱۵

یا فتاح یا عزیز

مٹھائی تقسیم کر کے استعمال کریں۔

چال

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

پشت پر یہ لکھیں

یا قوی یا متین یا منتقم یا جبار یا قہار یا اللہ یا واحد

بامر اللہ الملائکہ الاعوان یا عزرائیل یا سمسائیل ابی محرز الاحمر برائے فتح و نصرت و مدد ایں لوح مبارکہ حامل لوح ہذا فلاں بن فلاں بحق العجل الساعۃ الوحا۔

لوح زہرہ شمسی

تسخیر خلق، تسخیر محبوب، تسخیر زن، کاروباری ترقی، حلقہ احباب میں وسعت، آمدن عزت و شہرت میں اضافہ، بیلز مین شپ اور ہر طرح کی نسوانی امراض سے شفا، انعامی اسکیموں میں کامیابی کے لیے یہ لوح بے بہا تحفہ۔

۷۸۶

اللہ الرحمن الرحیم المالک النافع

ق	۱۸۹۶	۱۱۳۵	۱۶۱۳	۱۷۰۸	۶۹۵	ك
۱۷۰۵	۶۹۲	۴۰۴	۲۹۷	۱۹۰۰	۱۱۳۲	۱۶۱۷
۱۸۹۷	۱۱۳۶	۲۶۱۴	۱۷۰۲	جامع	۴۰۱	۳۰۱
۶۹۳	۴۰۵	۲۹۸	اللہ	۱۱۳۳	۱۶۱۱	۱۷۰۶
۱۱۳۰	۱۶۱۵	وهاب	۶۹۷	۴۰۲	۳۰۲	۱۸۹۸
۴۰۶	۲۹۹	۱۸۹۵	۱۱۳۴	۱۶۱۲	۱۷۰۷	۴۹۴
ودود	۱۷۰۳	۶۹۸	۴۰۳	۲۹۶	۱۸۹۹	سلام

اللہ الرحمن الرحیم المالک النافع

مافی الاض جمیعا ما الفت بین قلوبھم ولکن اللہ الف بینھم انہ عزیز حکیم وانہ لحب الخیر لشدید سخر لی خلقا جمیعا ایں لوح مبارکہ حامل لوح ہذا فلاں بن فلاں بحق العجل الساعۃ۔

تحریر: سید عرفان، اسلام آباد۔

برج جوزا

مختصر منسوبات

جنسی خواص	عنصری خواص	جسدی خواص
مذکر	بادی	ذوجسدی
حاکم کوکب	مخصوص دن	مخصوص حروف
عطارد	بدھ، منگل، جمعرات	ک، ق
جسم کا حصہ	مخصوص رنگ	مخصوص پتھر
بازو	سبز، پیلا، نسبتی	زمرد، پکھراج

موزوں کھانے:۔

گوبھی، سلاد۔

موزوں کھیل/شوق:۔

فنکار، ذہنی کھیل جیسا کہ شطرنج وغیرہ، میل جول، لکھاری، سفر کرنا، باتونی۔

موزوں جڑی بوٹیاں اور پودے:۔

گاجر، سویا، لہسن، ملٹھی، شہتوت، اجوائین، انار۔

پیشہ:۔

استاد، لیکچرار، خطیب، براڈ کاسٹر، پبلسٹی، سیلز مین، تعلقات عامہ، صحافت، ایڈورٹائزنگ، تدریس، لکھاری، شاعر، پیغام رسانی، نقل، سٹاک بروکر، تحقیق کا کام، جعل ساز، چور، دستکاری، سیاحت، سفارت کار، ہواباز، حساب کتاب سے متعلق پیشے، مجسمہ ساز، انجینیئر، ترجمہ وتشریح وغیرہ۔

عام خصوصیات

باتونی، خوش مزاج، حالات سے سمجھوتا کرنے والا، ملن سار گانے اور پڑھنے والا، شاعر، استاد، ہر کام کرنے والا، معلومات جمع کرنے والا، ایسا فرد جو بہت چرب زبان ہو جس سے باتوں میں کوئی نہ جیت سکے۔ کھوجی طبیعت والا ایک ہی کام لگاتار کرنے سے گھبرانے والا۔

موزوں حالات/منسوبات:۔

تعلیمی ادارے، لکھنے پڑھنے کی اشیاء (کاپیاں، کتابیں وغیرہ) کھیل کود کے میدان یا کمرے، چھوٹے بچوں کی تعلیم کے ادارے، گھڑیاں، ہیئر ڈریسر، تعلیم سے متعلق لوگ، ذرائع پیغام رسانی، ذرائع نقل وحمل، ذرائع ترسیل، ٹرانسپورٹ وغیرہ۔

موزوں اشیاء:۔

ڈائریکٹری، کمپیوٹر، میگزین، اخبار، ریڈیو، ٹیلی فون، ٹی وی۔

صحت:۔

یہ بے چین طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ ان کو آرام کی ضرورت

ہوتی ہے۔ تاکہ یہ صحیح کام کرسکیں کیونکہ تھکا ہوا ذہن اچھا کام سرانجام نہیں دے سکتا۔

محبت کے معاملات:۔

جوزا لوگ دوہری شخصیت کے مالک ہوتے ہیں اور ہر وقت موڈ بدلتا ہے اس کے باوجود یہ خوش دل، دل بہلانے والے اور رومان پسند شریک حیات ہوتے ہیں۔

مثبت خصوصیات

خوشگوار شخصیت کے مالک، حاضر جواب اور ہر طرح کی صورت حال میں سمجھوتے کرنے والے، ہر وقت بولنے کی عادت ہوتی ہے۔ خیالات کا اظہار اچھی طرح سے کرسکنے والے، دوسروں کو اپنی بات اچھے طریقے سے سمجھا سکتے ہیں۔ ہنرمند ہوتے ہیں اور یہ ہر طرح کا کام کرسکتے ہیں جب تک یہ بور نہ ہوجائیں یا ان کو زبردستی یا ڈانٹ کر روک نہ دیا جائے، یہ لوگ ہرفن مولا، دانشور، دلفریب، منطقی، چست، حاضر جواب، خوش حال، باتونی، خوش گفتار ہوتے ہیں ان کے پاس معلومات کا خزانہ ہوتا ہے۔

یہ لوگ اپنے میل جول کی عادت اور پر جوش طبیعت کی وجہ سے مشہور ہیں۔ کیونکہ جوزا افراد اپنے خیالات اور جذبات کا اظہار اچھی طرح سے کرسکتے ہیں۔ لہذا جب کسی کو پسند کرتے ہیں تو اس کا اظہار اچھی طرح کرتے ہیں اور بور نہیں کرتے نہ ہونے دیتے ہیں کیونکہ یہ تبدیلی پسند کرتے ہیں۔

منفی خصوصیات

یہ متلون مزاج ہوتے ہیں کام کے معاملے میں رویے اور کام کے معیار میں تناسب نہیں رکھ سکتے۔ غیر مستقل مزاجی کی وجہ سے ان کے اوپر بھروسہ نہیں کیا جاسکتا۔ کیونکہ مزاج بدل جاتا ہے۔ یہ چیزوں اور حالات کو

مسائل کا روحانی حل

انسانی زندگی خوشی اور غمی کا امتزاج ہے۔ مسائل کا روحانی حل نامی یہ کتاب فرد کو پیش آنے والے مختلف قسم کے مسائل کا روحانی اور عملیاتی حل لیے ہوئے ہے۔ اس میں روزمرہ سے لے کر خصوصی نوعیت اور جسمانی و ذہنی ہر طرح کے مسائل کا روحانی حل شامل ہے۔

اوپر اوپر سے دیکھتے ہیں کیونکہ ان میں فیصلہ کرنے کی صلاحیت کم ہوتی ہے۔ کنفیوز ہوتے ہیں ان کی ایک اور بہت بری بات یہ کہ یہ بہت چالاک اور عیار ہوتے ہیں۔ بہت زبان دراز اور بدتمیز ہوتے ہیں۔ بے مقصد گفتگو کرتے ہیں۔ یہ لوگ جلد بدل جاتے ہیں۔ کھوجی طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ اوچھے مذاق کرتے ہیں۔

اپنی ہر وقت تبدیلی چاہنے کی عادت کی وجہ سے جوزا افراد فلرٹ ہوتے ہیں۔ ناقابل اعتبار ہوتے ہیں اور اکثر وفادار نہیں ہوتے۔

بیماریاں

ان کو دماغ سے متعلق بیماریاں، سردی لگنا، نزلہ، زکام اور سانس سے متعلق بیماریاں ہوسکتی ہیں۔

یہ لوگ اپنی عادات کی وجہ سے آرام، خوراک اور سکون کو چھوڑ دیتے ہیں جس کی وجہ سے بیمار ہوجاتے ہیں۔ ان میں سردی اور نزلہ کی بیماری عام ہے۔ ٹینشن کے مسائل کا بھی سامنا ہوسکتا ہے۔

❁❁❁

کھانسی، خرابی گلہ
زبرجد
گلے کی خرابی کا مسئلہ ہے یا کبھی زیادہ اور کبھی کم کھانسی کی شکایت رہتی ہے تو علاج کے ساتھ زبرجد کی انگوٹھی یا لاکٹ بنا کر دیں۔

قسط نمبر:۔5

مصنف کتاب:۔مولوی سید علی۔

تسخیر جنات

تسخیر اجنہ

تسخیر اجنہ کے شائقین پر یہ بات میں اچھی طرح واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ عمل چاہے جیسا بھی ہو اس کی چلہ کشی میں عامل کو محنت کثیرہ سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔اپنے نفس پر عامل کا قبضہ ایسا ہونا چاہیے کہ وہ اس کو جب اور جس طرف چاہے موڑ دے اور ایسا کرتے وقت وہ کسی کی گرانی محسوس نہ کرے یعنی اپنے نفس پر اس کا قبضہ حاکمانہ ہو وہ نفس کا غلام نہ ہو لہذا اس بات کو شائق کبھی فراموش نہ کرے عمل تسخیر اجنہ ایک بہت سخت اور اہم عمل ہے۔اس لیے کہ جلالی ہے آتش اور خاک کا مقابلہ ہوگا۔آگ خاک سے قوی تر ہے۔

جنات کی تخلیق آتش اور انسان کی بنیاد خاک سے ہے۔خاکی آتشی پر غالب آنا چاہتا ہے۔مقابلہ آسان نہ ہوگا۔بہت زوردار سمجھیے آتشی خاکی کی محکومی سے گریز کرنے کے لیے کیا کچھ جتن نہ کرے گا اور عملیاتی اکھاڑے میں آسانی سے اپنی بیٹھ لگانے کے لیے تیار نہ ہوگا۔مگر چونکہ خلاق عالم نے انسان کو اشرف المخلوقات کا درجہ عطا فرمایا ہے اور کچھ دعائیں اور اپنے اسماء ایسے تعلیم فرمائے ہیں۔جن کے ذریعے سے یہی خاکی انسان بالآخر آتشی مخلوق پر غالب آجاتا ہے لیکن وہی انسان جو اس کا اہل ہو اس لیے اگر آپ نفس امارہ کے محکوم ہیں یا نحیف جثہ اور کمزور دل کے مالک ہیں یا تارک صلوٰۃ ہیں یا انتقامی جذبات کے زیر اثر ہیں یا ناجائز خواہشات آپ کے ذہن میں پرورش پا رہی ہیں یا طمع سے چھٹکارا حاصل نہیں کر سکتے یا نام و نمود کی خواہش ہے یا غرور سد راہ ہے یا کمزوری قلب کی شکایت ہے یا ان شعبدہ جات کا جو دوران عمل آپ کے ملاحظہ میں آئیں گے۔مثلاً آپ دیکھیں گے کہ دریا کا پانی ٹھاٹھیں مارتا ہوا آپ کی طرف بڑھ رہا ہے اور اب آپ پانی کے آگے خوف نہ کھائیں، ورد میں مصروف رہیں، پانی ناف تک پہنچا تو جہ نہ دی، سینے تک آیا خیال نہ کیا، ورد جاری گردن تک پہنچا اور آپ اب ڈوبے کی حد تک دوڑے اگر خوف سے چیخ نکل گئی، قہقہے کی آواز بلند ہوئی پانی وہیں غائب عمل ناقص اور آپ کا قلب الٹ گیا اگر حصار کے اندر رہے پاگل بن گئے ورنہ جان سے ہاتھ دھونا پڑا یا پھر دوران عمل خوانی آپ دیکھیں گے کہ ایک خونخوار اور خوفناک شکل آپ کے پیارے پیارے عزیزوں کو پکڑ کر زدوکوب کرتی ہوئی آپ کے سامنے لا رہی ہے وہ روتے ہیں چیختے ہیں، چلاتے ہیں، آپ کو مدد کے لیے پکارتے ہیں، آپ کے ضعیف والدین آپ کی وفاشعار بیوی، آپ کا اطاعت گزار بھائی، آپ کی پیاری اولاد اور آپ کے دوست واحباب جن کی دوستی پر آپ کو فخر تھا، مارے جا رہے ہیں، کسی کو ذبح کیا جا رہا ہے، کسی کی ٹانگ پکڑ کر چیر ڈالا وغیرہ وغیرہ کا نظارہ جو انتہائی رنج دہ ہوگا۔آپ برداشت نہیں کر سکتے تو آپ برائے مہربانی عمل تسخیر اجنہ نہ کیجیے اور اگر یہ نقائص جو سلسلہ نمبر 10 تک تحریر کیے گئے ہیں۔آپ میں نہیں ہیں اور آپ شعبدہ جات کا نظارہ صمیم قلب سے کر سکتے ہیں تو بسم اللہ عملیات تسخیر ذیل پر عمل کیجیے۔پروردگار عالم آپ کو کامیاب کرے گا۔

چند نکات اور ظاہر کروں، عمل تسخیر بالا خانہ یا مقام و مکان غصبی میں نہ کیجیے گا۔مسجد کو اولیت دیجیے گا۔جب سارے نمازی چلے جائیں اور

کوئی مخل ہونیوالا نہ ہو۔ ورنہ مکان خالی بہتر ہوگا۔ دوسرا یہ کہ حصار کے اندر بیٹھ کر عمل کیجیے گا۔ جب تک ورد تمام نہ ہو لاکھ آپ کو بلائے جائیں خبر بد کا حوالہ دیا جائے، کہنے والا آپ کے دوستوں یا عزیزوں ہی کی شکل کا کیوں نہ نظر آتا ہو نہ اس کی کسی بات کا جواب دیجیے اور نہ حصار سے باہر تشریف لائیے۔ اس لیے کہ اس کی حقیقت کچھ نہ ہوگی اور یہ سب محض ایک شعبدہ ہوگا ثالثاً جو عجائب وغرائب آپ ملاحظہ فرمائیں اس کا تذکرہ کسی سے نہ کریں۔ خلوت نشینی اختیار کریں۔ بات چیت اولاً نہ ہو تو اچھا ہے ورنہ حسب ضرورت بہت مختصر جواب دیں۔ دوران عمل خوانی جملہ باتوں کا پرہیز کریں۔ اپنی غذا صرف جو کی روٹی اور نمک قرار دیں۔ وہ بھی اتنی کہ غلبہ ریاح نہ ہو اور نہ وظیفہ خوانی میں کسی قسم کی تکلیف یا تساہلی کا باعث ہو سکے۔ لباس بلا سلا ہوا گر ایک ہو تو بہتر ہے ورنہ دو سہی لیکن ہو بغیر سلا۔ عمل کی ابتداء نوچندی جمعرات سے ہو۔ ساعت ستارہ ہائے مشتری، زہرہ، قمر اور عطارد میں سے کسی ستارہ کی بھی ہو۔ عامل کو چاہیے کہ زکوٰۃ حروف تہجی کی ادا کرنے کے بعد پورے قواعد و ضوابط مندرجہ کتاب ہذا کی از اول تا آخر پابندی کرتے ہوئے عمل شروع کرے۔ عامل کو چاہیے کہ قبل آغاز عمل کلام پاک سے سورہ جن کو معہ اعراب کے صحت کیساتھ اس قدر یاد کرلے کہ اس کا حافظ ہو جاوے جب روانی کے ساتھ یہ مبارک سورہ اس کو یاد ہو جاوے اور کلام پاک کو دیکھ کر پڑھنے کی حاجت جاتی رہے پھر بھی اپنے مزید اطمینان کے لیے کسی عربی داں عالم کے روبرو بیٹھ کر اس کو سنا کر تصدیق صحت آیہ مذکورہ کر لیوے۔ جب کلی طور پر مطمئن ہو جاوے تب اس کو چاہیے کہ عمل شروع کرنے کے روز سب سے پہلے ایک پاک وطاہر برتن میں پاک پانی بغیر استعمال شدہ لے کر اس پانی پر آیت الکرسی ۳ بار هم فیها خالدون تک اور چاروں قل تین تین بار معہ درود، اول و آخر تین تین بار پڑھ کر دم کرے اور اس پانی پر دم کر کے اندر حصار اپنے پاس رکھ لے بموجب شرائط مندرجہ کتاب ہذا جو اوراق ماسبق میں بیان کیے گئے ہیں۔

سورہ جن کی تلاوت زبانی کمال صحت اور توجہ قلبی کے ساتھ اکتالیس بار کرے اور اسی طرح سے ایک وقت و مقام اور مصلے مقررہ پر چالیس روز تک کرتا رہے دوران ورد وسوسوں شیطانی یا غلبۂ خوف دامنگیر ہو تو اسی آب دم شدہ کو سر یعنی دماغ اور سینہ کان اور آنکھ کندھوں پر تھوڑا تھوڑا مل لے اور دو گھونٹ پی لے۔ انشاء اللہ حدت عمل کہ جلالی ہے کم ہو جائے اور ہمہ اقسام کا خوف جاتا رہے اور جب ایسی صورت پیدا ہو یہی عمل کرتا رہے اور ورد جاری رہے۔ دوران ورد بخور کے سلگانے میں کمی نہ کرے، برابر سلگاتا رہے کہ بموجب خوشنودی موکلان ہوگا۔ کچھ دن کی عمل خوانی کے بعد عامل عجائب وغرائب ملاحظہ کرے گا۔ لیکن خوف کھانے کی ضرورت نہیں ہے۔

آپ کے پاس بھی قدیم کتب اور رسائل موجود ہوں تو آپ بھی انہیں ماہنامہ "راہنمائے عملیات" میں شائع کروا سکتے ہیں۔

اس لیے کہ عامل اندر حصار کے ہے اور حصار کے اندر اجنہ یا موکلین کا داخلہ غیر ممکن ہے جس سے کہ وہ خوب آگاہ ہیں۔ اگر اجنہ جن کی آمد شروع ہو چکی ہوگی حصار کے اندر داخل ہوں گے تو جل کر راکھ ہو جاویں گے۔ انتالیسویں دن وقت عمل سے تا اختتام اور چالیسواں دن وقت عمل کا سخت ترین وقت ہوگا۔ اس منزل پر عامل کو قطعی طور پر نڈر اور کمال محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ آندھی، پانی طوفان، بادوباراں وعجائبات کا بہت زور ہوگا۔ لیکن خوف کھانے کی جگہ نہیں ہے کہ یہ سب شعبدہ ہوگا۔ اصلیت کچھ نہ ہوگی۔ چالیسویں دن وقت ابتدائے عمل سے مقام عمل عامل کو میدان کی صورت میں نظر آئے گا۔ اولاً سقہ چھڑکاؤ کرتا اور جاروب کش جھاڑو دینا، قرآش فرش بچھاتا اور دیگر خادمین کرسی وغیرہ سلیقے سے رکھتے ہوئے نظر آئیں۔ جس کے درمیان میں ایک خوبصورت تخت جواہر نگار کو کہ آج تک عامل نے ایسا حسین وقیمتی تخت نہ دیکھا ہوگا۔ بچھا ہوا دیکھے گا۔ تھوڑی دیر کے بعد جنوں کی آمد شروع ہو جائے گی۔ جو حسب مراتب قرینہ بہ قرینہ کرسیوں پر بیٹھتے ہوئے نظر آئیں گے۔ تھوڑی دیر میں ساری خالی کرسیاں بھر جائیں گی کہ معاشورو غل اور ہٹو بچو کے درمیان ایک جوان رعنا جو نہایت خوبصورت ہوگا برآمد ہوگا، یہ وزیر ہوگا۔ جب یہ مسند وزارت پر بیٹھ جائے گا تو اس مرتبہ چند خادمان عصا بردار کے جلو میں ایک بہت خوبصورت اور پروقار ہستی لباس فاخرہ زیب جسم اور تاج شاہانہ جو نہایت بیش قیمت جواہرات سے مزین

ہوگا۔ سر پر رکھے برآمد ہوگی۔ یہ اشارہ جنات ہوگا۔ وزیر بڑھ کر استقبال کرے گا۔ تمام درباری دم بخود سرنگوں تعظیماً کھڑے ہو جائیں گے۔

بادشاہ تخت جواہر نگار پر جلوہ افروز ہوگا۔ اور اس تخت کو عامل اب اپنے قریب پائے گا۔ اب بادشاہ عامل کی طرف مخاطب ہو کر سلام میں سبق کرے گا۔ عامل کو چاہیے کہ بادشاہ کے سلام کا جواب داہنے ہاتھ کے اشارے سے دے اور نیم قد کھڑے ہو کر قدرے تعظیماً جھکے اور اس وقت ہاتھ پیشانی پر لے جا کر جواب سلام کا دیوے بادشاہ دریافت کرے گا کہ اے بنی آدم! اسے صاحب دعوت ہمارے بلانے کی عرض و غایت کیا ہے بیان کر کہ ہم اسے پوری کریں لیکن عامل کوئی جواب نہ دیوے اور برابر عمل خوانی میں مصروف رہے۔ اسی طرح سے بادشاہ تین مرتبہ سوال کرے گا لیکن عامل کو تا ختم عمل بالکل خاموش رہنا چاہیے جب تعداد ورد پوری ہو جائے اور بادشاہ پھر یہی سوال کرے تب عامل جواب دیوے کہ اے بادشاہ عالی وقار آپ کی تشریف آوری کا یہ خاکسار پر جوش خیر مقدم کرتا ہے۔

خداوند دو جہاں نے آپ کو بزرگی بخشی ہے وہ ہمیشہ آپ سے راضی رہا آپ نے آیہ جو کلام الٰہی ہے اس کی اطاعت کی اور میری دعوت پر تشریف لائے۔ میری آرزو یہ ہے کہ جس جگہ اور جس وقت یا حادثہ نیک و بد سے مجھ پر واقع ہو اس وقت آپ میری مدد فرمائیں اور خاص کر دوست اور دشمن کے سلسلہ میں آپ کی قوت اور امداد کا خواہاں ہوں میرے ساتھ مخصوص طریقہ پر عنایت لطف و محبت فرمائی جاوے اور اپنے کچھ لوگوں کو میری مدد پر مقرر فرما دیں اور وہ طریقہ بھی تعلیم فرما دیں کہ جب میں آپ کے دیدار کی تمنا کروں تو وہ بہ آسانی پوری ہو جاوے اور مجھ کو دوبارہ دعوت دینے کی حاجت نہ پڑے۔ چنانچہ پہلے تو وہ بادشاہ عالی وقار عذر و معذرت کرے گا۔ لیکن عامل اپنی بات پر اڑا رہے آخر کار مجبور ہو کر اور پھر دعوت کا نام سنتے ہی وہ ایک مہرہ اپنی نشانی کا جو برابر بیضہ مرغ کے ہوگا اور خطوط سبز جس پر ہوں گے عامل کو دیے گا۔

اب عامل با ادب کھڑا ہو کر اس مہرے کو حاصل کرے بوسہ دے اور آنکھوں سے لگاوے اور سر پر رکھے پھر آرزو کرے کہ آپ ان خطوط سے بھی مجھ کو مطلع فرمائیں پس اس نوشتہ کے پڑھنے اور اس کے راز سے عامل آگاہ ہوگا اور اس کو پڑھنے کی اجازت بھی بادشاہ کی طرف سے اس ہدایت کے ساتھ مل جاوے گی کہ عامل نہ تو اس مہرے کو ناپاک ہاتھ لگاوے اور نہ ناپاک جگہ لے جاوے اور زن حائضہ، جنبی اور ہر فاسق و تاجر کی نظروں سے پوشیدہ رکھے عامل ان سب باتوں کو صدق دل سے قبول کرے اور نہایت عجز و انکساری سے پیش آوے اور معذرت کرے کہ آپ نے میری خاطر سے یہاں تشریف لانے میں بہت تکلیف اٹھائی اب میں اجازت دیتا ہوں کہ آپ اپنے مقام پر تشریف لے جائیں اور جب میں آپ کو بلاؤں اس وقت آپ آئیں۔ پس جب عامل اجازت واپسی کی دے گا۔ شاہ جنات حسب خواہش عامل دو جنوں کو مقرر کر کے معہ اپنے لشکر و امیر و وزیر کے آنکھوں سے اوجھل ہو جائے گا اور پھر جب عامل کو طلب کرنا شاہ جنات کا مقصود ہو آیہ ہذا یا اسم یا ذا کی الطاہر من کل الفتہ بقدسہ یا زا کی یا پھر جو دعا شاہ جنات تعلیم کرے اس لیے کہ اس تسخیر میں کئی دعائیں عاملین کو تعلیم کی گئی ہیں۔ میں نے جو طریقے پائے ہیں وہ لکھ دیے ہیں۔ جو باتیں اوپر لکھی جا چکی ہیں۔ وہ یا اور اسرار جو عامل پر ظاہر ہوں ان سب کا تذکرہ عامل ہرگز ہرگز کسی پر نہ کرے۔ آخری دن پچرنگی مٹھائی پر نذر کرے موکلاں اور اس کو دریا برد کر دے۔

ایضاً

اگر کوئی شخص جنوں کی تسخیر کا طالب ہے تو سب سے پہلے وہ ان شرائط کا پابند ہو جو اس کتاب میں تحریر کی جا چکی ہیں اور نماز پنجگانہ کا سختی سے پابند ہو۔ جب ان سب باتوں کا پابند ہو جاوے تو اپنے مقام عمل پر حسب قاعدہ حروف تہجی کی زکوٰۃ ادا کرے بعد اس اسم کی زکوٰۃ چالیس روز تک 125 / 3125 بار یومیہ کے حساب سے خواندگی سے پورا کرے اور

کیا آپ محسوس کرتے ہیں آپ کے جذبات میں بے توازنی اور بے قابو پن کا اثر رہتا ہے اور اس میں کسی نہ کسی درجے کی شدت پیدا ہو جاتی ہے تو پھر ایک ایسا موتی جو وزن میں سات کیرٹ کے وزن کا حامل ہو مفید ثابت ہوگا۔ ہاں اگر جیب اجازت دیتی ہو تو زیادہ وزن کا موتی استعمال کریں تا کہ اس کی معدنیاتی اور جواہراتی شعاعیں زیادہ طاقت ور اور موثر انداز میں فرد پر اپنے اثرات ظاہر کر سکیں۔ عام نفسیاتی اور جذباتی امور کے حل کے لیے بھی یہ لاجواب اور موثر ترین جواہر ہے۔ عملی تجربہ ہی آپ کو اس کے اثرات سے حقیقی معنی میں متعارف کروا سکتا ہے۔

برکاتی انگوٹھی

کاروبار اور تجارت میں اضافے، رزق میں برکت، حصول روزگار، حصول اولاد، تسخیر و رجوع خلقت، شادی، محبت، صحت، خصوصی امراض، رد سحر، جادو، مقدمے میں کامیابی وغیرہ کے لیے استعمال میں لائی جاتی ہے۔

آخری دن موکلاں اسم کی نذر کرے دریا برد کرے سوا سیر مٹھائی پچرنگی ہونا چاہیے پس بعد ختم چلہ صاحب دعوت عامل اسم پاک کا ہو گیا اور وہ یہ ہیں۔

یا حنان انت الذی وسعت کل شیء رحمۃ و علما

یہ اسم جمالی ہے نصابی صورت اس کی یہ ہے نصاب 2 لاکھ پچاس ہزار زکوٰۃ ایک لاکھ پچیس ہزار عشر باسٹھ ہزار قفل تین سو ساٹھ ورد مدور برابر نصاب کے ہے۔ اب عامل کو چاہیے کہ ایک سال تک خلوت نشینی اختیار کرے اور بے انتہا اس اسم کو پڑھنا شروع کرے اور ہر وقت اس بات کا تصور قائم رکھے کہ دیکھیے پردہ غیب لاریب سے کیا ظہور میں آتا ہے۔ خدا کی قدرت سے خلوت کے آخری ایام میں سات علامتیں ظاہر ہوں۔ ان علامات کے ظاہر ہونے پر عامل گھبرا نہ جائے بلکہ دل کو اپنے قوی تر رکھے اور حق کی جانب بہت زیادہ متوجہ ہو جائے اور کثرت ورد اسم سے غافل نہ ہو اور یہ یقین کر لے کہ اس کی محنت رائیگاں نہیں گئی اور وہ سات علامتیں یہ ہیں۔ پہلی علامت جب تین دن گزریں گے۔ تمام عالم عامل کو سبز نظر آنے لگے گا۔ چنانچہ در و دیوار، شجر و حجر جامہ، پارچہ جات اپنا اور پرایا سب سبز ہی سبز دکھائی دے گا۔

عامل کو چاہیے کہ وہ خوف و ہراس کو اپنے دل میں جگہ نہ دیوے اور نہ یہ سوچے کہ ہائے یہ میری آنکھوں کو کیا ہو گیا۔ علامت دوم یہ ہے کہ آٹھویں روز دو ہستیاں صاحب دعوت کے پاس آئیں گی اور دریافت کریں گی کہ اے فرزند آدم! تیرا اس دعوت سے کیا مقصد اور مطلب ہے کھڑا ہو اور اپنے کاروبار دنیوی میں مشغول ہو ایسا نہ ہو کہ کچھ نقصان پہنچے۔ صاحب دعوت پر لازم ہے کہ وہ کچھ جواب نہ دے بلکہ اسم کو اور پکار پکار کر پڑھنا شروع کر دے اور ہرگز نہ ڈرے ورنہ ہلاکت کا خوف ہے۔ علامت سوم تیرھویں دن ایک مرغ سبز مثل ہما آئے اور عامل کے سر پر بیٹھے اور بانگ دے تو اور مرغ مثل اس کے چھوٹے چھوٹے جمع ہوں۔ عامل نہ ڈرے اور اپنے اسم کو بلند آواز سے پڑھتا رہے اور ذرا خوف و خطر دل میں نہ لاوے۔ تھوڑی ہی دیر میں سب مرغ چلے جاویں گے۔ منزل چہارم، سترہویں روز عصر کے وقت ایک شخص برقع پوش بہ شکل درویشان عامل کے پاس آوے اور سلام کرے صاحب دعوت سوائے سلام کے اور اس سے کوئی بات چیت نہ کرے مگر تعظیم و تکریم اشارے سے بجالاوے اور اسم کے پڑھنے میں مشغول رہے اور اصلاً اس کی بات کا جواب نہ دیوے ورنہ ہلاک ہو جاوے گا۔

منزل پنجم، ستائیسویں روز تمام جن و انس اور دیو پری کافر و مسلمان سب کے سب حاضر ہوں اور صاحب دعوت سے مراد مقصود دریافت کریں لیکن کسی سے کوئی بات نہ کرے اور نہ ان کی کسی بات کا جواب دے بلکہ تمام دعوت تک اپنے راز کو پنہاں رکھے۔ منزل ششم، اٹھائیسویں دن سے چلہ تک اپنے حجرہ میں اس شکل کا مندلہ مربع بنا دے اور اس میں بیٹھ کر اسم پڑھے اور رات کو سبز چراغدان زیست پا چنبیلی ڈالے اور ستر بار آیہ قل اوحی الی انہ استمع نفر من الجن الخ فتیلہ پر پڑھ کر دم کرے اور روشن کر دے بعد اس کے سات رات تک اسی طرح کرے یکا یک چار مرد اس مندلہ کے گرد پیدا ہوں اور کہیں کہ اے فرزند آدم اٹھ اور اس مندلہ سے باہر آ اور اپنا مقصد بیان کر اگر مال چاہتا ہے مال دیں گے۔ اگر کسی پر فریفتہ ہے تیرا معشوق حاضر کریں گے اگر علم کا خواستگار ہے علم سکھا دیں گے اگر تیرا کوئی دشمن ہے تو اس کو ہلاک کریں گے۔ غرض کہ بہت سی قسمیں کھائیں گے اور مقصد دریافت کریں گے اور کہیں گے کہ جو تو کہے گا وہی کریں گے۔ مگر عامل کو چاہیے کہ ہرگز ان کے دام میں نہ آئے اور اصلاً کلام نہ کرے اور نہ اس مندلہ سے باہر آوے اور نہ اپنی جگہ سے ہلے ورنہ ہلاک ہونے کا خوف ہے۔

منزل ہفتم، آخری روز چلہ کے ایک شور و شغب عظیم پیدا ہو اور دن ہی سے طرح طرح کی مشعلیں اور جلتے ہوئے چراغ گھوڑے سوار بصورت مختلف نظر آئیں گے۔ رات تک یہی تماشہ دیکھنے میں آئے گا کہ ناگاہ ان کے درمیان ایک سلطان با مہابت شیر پر سو ۱۲ رمع الخدام پر از طبق زر و جواہر برائے نثار معہ تیس ہزار پری کے صاحب دعوت کے روبرو حاضر ہو اور سلام کرے۔ جب صاحب دعوت تعظیماً کھڑا ہو جائے اور دونوں ہاتھ سینے پر رکھے اور اشارے سے جواب دے اور دنوں ہاتھ بدستور سینے پر رکھے رہے۔ زبان سے قطعاً زبان دانی یعنی کلام نہ کرے۔ بادشاہ عرض کرے کہ اے عامل و عالم ربانی اور اے زبدہ ذریات انسانی والے فرزند آدم خلیفہ حقانی تیرا کیا مطلب ہے بعد اختتام ورد اب صاحب دعوت بیان کرے کہ

اے ملک ارواح خدائے خالق کون ومکان وزمین وآسماں واشیاء غیب و موجودہ وانس ونبی جاں وملکوت ارض وسماں تجھ سے راضی ہو میری مراد یہ ہے کہ اپنے لشکر کو میری حاجت کے لیے ممد ومعاون کرتا کہ جس وقت میں ان کو بلاؤں حاضر ہوں اور معاونت کریں اور نظر اتحاد اور مودت کو مجھ سے نہ پھیریں۔ المقصود وہ اپنے لشکر کو دکھلائے اور اس کے حکم کا مطیع کرادے اور پھر بعد حصول اجازت صاحب دعوت سے رخصت ہو اسناد اس اسم پاک کے ہیں۔ جو وقتاً فوقتاً صاحب دعوت پر ظاہر ہوتے رہیں گے یہاں اختصار سے درج کیا گیا ہے۔

ایضاً

اس اسم مبارک

یا قدوس الطاہر من کل سوء فلاشیء یعاذہ من جمیع خلقہ

